باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
https://andaaz-e-shaher.com.pk ABC CERTIFIED
Daily Andaaz-e-Shaher
روزنامہ
نئی سوچ نیا انداز
کراچی
اندازِ شہر
چیف ایڈیٹر ایم قمر نعیم
Regd : 3769
Urdu News Paper Karachi

جلد 4 | بدھ 9 ذیقعدہ 1446ھ 7 مئی 2025ء | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 86

بھارت کے پاکستان کے تین مقامات پر بزدلانہ حملے

بھارت نے رات کے اندھیرے میں معصوم پاکستانیوں کو نشانہ بنایا ہے جبکہ جوابی کارروائی شروع ہو چکی ہے، سیکیورٹی ذرائع

بھارت نے اپنی فضائی حدود سے بہاولپور، کوٹلی، مظفرآباد میں میزائل داغے ہیں اور بلا اشتعال بزدلانہ حملہ کیا ہے: (میجر جنرل احمد شریف چوہدری



راولپنڈی: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف آئی ایس آئی ہیڈکوارٹرز کے دورے کے دوران اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مظفرآباد(مانیٹرنگ ڈیسک)پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے ڈائریکٹر جنرل) ڈی جی (میجر جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بھارت نے اپنی فضائی حدود سے باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک)بھارت کی جانب سے رات کی تاریکی میں ایک بزدلانہ کارروائی کے بعد ملک کے اہم ہوائی اڈوں پر ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، نیو باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

بھارتی آلہ کار بی ایل اے کا سکیورٹی فورسز کی گاڑی پر بم حملہ 7 اہلکار شہید

پاکستان کی سکیورٹی فورسز قوم کی حمایت سے بلوچستان کے امن، ترقی واستحکام کے مخالفین کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

ایسی قربانیاں بہادر فوجیوں کے حوصلے اور عزم کو مضبوط کریں گی، قوم اور فوج ملکر بھارت اور اس کے پراکسی کو پاکستانی سرزمین پر شکست دینگے

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے کہا ہے کہ بھارت کی پراکسی کالعدم تنظیم بلوچستان لبریشن آرمی کے بلوچستان کے ضلع کچھی میں ایک حملے میں پاک فوج کے سات بہادر جوان شہید ہوگئے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے بیان کے مطابق باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

پاک بھارت کشیدگی کے حوالے سے آو آئی سی گروپ کے بیان پر بھارت تلملا اٹھا

یہ بیان پاکستان کے کہنے پر دیا گیا جو پہلگام واقعے کے حقائق کو نظرانداز کرتا ہے، بھارتی وزیر خارجہ

نئی دہلی (این این آئی) پاک بھارت کشیدگی پر گزشتہ روز اقوام متحدہ میں اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) گروپ کی جانب سے جاری کیے گئے بیان پر بھارت تلملا اٹھا۔ او آئی سی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے بھارتی وزارت باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

عالمی برادری فوری طور پر بھارت کو جارحیت سے روکے، پاکستان کی اقوام متحدہ کی ثالثی کی حمایت

قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے: شہباز شریف

وزیراعظم شہباز شریف کا آئی ایس آئی ہیڈکوارٹرز کا دورہ، نیشنل فیوژن اینڈ تھریٹ اسیسمنٹ سینٹر کا افتتاح کردیا، 50 اداروں کے درمیان پل کا کردار ادا کریگا

دہشت گردی، غیر قانونی نیٹ ورکس اور بیرونی معاونت کے گٹھ جوڑ کو توڑنے کیلئے موثر اور مربوط ادارہ جاتی نظام ناگزیر ہے، نیفٹیک مقصد کے حصول میں مرکزی کردار ادا کریگا

یہ ادارہ 50 سے زائد وفاقی وصوبائی محکموں اور ایجنسیوں کو ایک مرکزی انٹیلی جنس نظام میں ضم کرتا ہے جسے نیشنل ڈیٹا بیس کی مدد حاصل ہے

قومی سطح کے ساتھ ساتھ یہ نظام صوبائی سطح پر بھی مربوط ہے، جس کے تحت چھ ذیلی انٹیلی جنس سینٹرز قائم کیے گئے ہیں۔ ان میں آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان بھی شامل ہیں

تاکہ مرکز سے لے کر صوبوں تک ایک مربوط معلوماتی نیٹ ورک قائم کیا جا سکے۔ یہ مربوط فریم ورک انٹیلی جنس یکجا کرنے، تجزیہ کرنے اور مؤثر آپریشنل ردعمل میں ہم آہنگی پیدا کرے گا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک)وزیراعظم محمد شہبازشریف نے ملک کی حالیہ سیکیورٹی صورتحال پر ایک سخت اور واضح بیان جاری کیا ہے، جس میں باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

اسلام آباد (این این آئی)وزیراعظم شہباز شریف نے نیشنل فیوژن اینڈ تھریٹ اسیسمنٹ سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ منگل کو وزیراعظم شہباز باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

اسلام آباد (این این آئی)وزیراعظم شہباز شریف نے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف اور مسلح افواج کے باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی پروازوں کے نقصان میں مسلسل اضافہ

پاک-بھارت کشیدہ صورت حال پر بھارتی پروازوں کی بندش کو 13 روز مکمل ہوگئے ہیں

کراچی (این این آئی) بھارتی پروازوں کے لیے پاکستانی فضائی حدود کی بندش کے 13ویں روز تک 1350 بھارتی پروازیں شدید متاثر ہوئی ہیں اور بھارتی ایئر لائنز کو 275 کروڑ بھارتی روپے کا نقصان پہنچا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاک-بھارت کشیدہ صورت حال پر بھارتی پروازوں کی بندش کو 13 روز مکمل ہوگئے ہیں اور باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



اسلام آباد: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے امریکی چیمبر آف کامرس کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بھارت کیساتھ تصادم ناگزیر، کسی بھی وقت ہوسکتا ہے، خواجہ آصف

بھارتی حکمرانوں نے پاکستان کا پانی روکنے کی کوشش کی تو اسی میں ڈوب مریں گے، وزیر دفاع

اسلام آباد(این این آئی)وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ تصادم ناگزیر، کسی بھی وقت ہوسکتا ہے، اگر مودی نے پانی روکنے کیلئے تعمیرات کیں تو انہیں تباہ کر دیں گے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



اسلام آباد: وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بھارتی اقدامات سے خطے کے امن کو سنگین خطرات لاحق ہیں: محسن نقوی

محسن نقوی کی قطری وزیراعظم محمد بن عبدالرحمٰن الثانی سے ملاقات، پاک قطر تعلقات اور دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال

پہلگام واقعہ پر بھارت کے بے بنیاد الزامات اور اقدامات سے خطے کے امن کو سنگین خطرات لاحق ہیں، وزیر داخلہ کی بات چیت

دوحہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطر کے وزیراعظم محمد بن عبدالرحمٰن الثانی سے ملاقات کی جس میں پاک قطر تعلقات اور دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پاک بھارت کشیدگی اور خطے کی موجودہ باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ماس ٹرانزٹ سسٹم سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

اسحٰق ڈار کا الجیریا کے وزیر خارجہ سے رابطہ، خطے کی صورتحال سمیت سے آگاہ کیا

اسلام آباد(این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے الجیریا کے وزیر خارجہ احمد باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

مولانا فضل الرحمٰن نے گرینڈ الائنس میں شامل ہونے سے انکار کردیا، شیخ وقاص اکرم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ مولانا فضل باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

مخصوص نشستوں کے فیصلے پر نظر ثانی درخواستیں سماعت کیلئے منظور، فریقین کو نوٹسز جاری

توہین عدالت کی درخواست بھی اس کیس کے ساتھ ہی سنی جائے گی، عدالت عظمٰی کا فیصلہ

جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عقیل عباسی نے اختلاف کرتے ہوئے نظر ثانی درخواستوں کو ناقابل سماعت قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے مخصوص نشستوں کے فیصلے پر نظر ثانی درخواستوں کو سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے جبکہ بینچ کے ارکان جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عقیل عباسی نے باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

ضمانت بطور سزا روکی نہیں جاسکتی، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اعجاز چوہدری کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کرنے باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

7 سے 8 سرکاری ادارے آڈٹ کرانے سے انکاری

، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے آڈٹ نہ کروانے والے تمام اداروں کے سربراہوں کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں آڈیٹر جنرل نے انکشاف کیا ہے کہ اس وقت 7 سے 8 سرکاری باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کو جدید ترین این آئی ایف ٹی اے سی ہیڈکوارٹر کا باضابطہ افتتاح کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے۔

ہم آرمی چیف کی ایک کال پر ملک کی خاطر لڑنے کیلئے تیار ہیں: میجر جنرل (ر) جاوید اسلم

فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں بھارت سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کر رہا ہے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) میجر جنرل (ر) جاوید اسلم نے کہا ہے کہ ہم آرمی چیف کی ایک کال پر ملک کی خاطر لڑنے کے لیے تیار ہیں۔ میجر جنرل ریٹائرڈ جاوید اسلم نے ایکس سروس مین کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



پشاور: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور آئی ٹی کے شعبے میں تربیت مکمل کرنے والے نوجوانوں کو سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب گرین کریڈٹ پروگرام کا باضابطہ افتتاح

موسمیاتی تغیرات براہ راست انسانی زندگی، زراعت، صحت اور معیشت پر اثر انداز ہو رہے ہیں، مریم اورنگزیب

مون سون پیٹرن کی تبدیلی سے زراعت کے نظام میں نمایاں تبدیلیاں آئیں، ماحولیاتی چیلنجز روزمرہ کے مسائل بن چکے، خطاب

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے محکمہ تحفظ ماحول کی جانب سے منعقدہ تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب گرین کریڈٹ پروگرام کا باضابطہ افتتاح کیا۔ تقریب میں مختلف محکموں کے نمائندگان، ماحولیاتی کارکنان، تعلیمی باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

سندھ طاس معاہدے کی معطلی انسانیت کے خلاف جرم ہے: بلاول

پاکستان دہشت گردی برآمد نہیں کر رہا، خود دہشت گردی کا شکار ہے، بھارتی حکومت غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کر رہی ہے

پہلگام واقعے کے بعد مقتولین کا خون جمنے سے قبل ہی بھارت نے پاکستان پر الزام تراشی شروع کر دی، سرحدیں بند کر دیں اور نتائج سے دھمکانا شروع کر دیا

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی انسانیت کیخلاف جرم ہے، پاکستان دہشت گردی برآمد نہیں کر رہا، خود دہشت گردی کا شکار ہے، بھارتی حکومت غیر ذمہ داری کا باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

مولانا صاحب نے پیغام بھیجا ہے وہ ایشو ٹو ایشو ساتھ چلیں گے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب نے پیغام بھیجا ہے کہ وہ ایشو ٹو ایشو باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32



لاہور: جمعیت علمائے اسلام) ف (کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن مرکز اہلحدیث آمد کے موقع پر پروفیسر ساجد میر کے لیے دعائے مغفرت کر رہے ہیں۔

اسلام آباد ہائیکورٹ میں بغیر اسٹینو عدالتی کارروائی، جسٹس محسن اختر کیانی نے خود آرڈر لکھے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں منگل کو جسٹس محسن اختر کیانی کی باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

خواجہ آصف کے بیان کو سیاسی مخالفین اپنے فائدے کیلئے استعمال کر رہے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن

وطن کی حفاظت کیلئے پوری قوم متحد ہے، بھارت پاکستان پر الزامات لگا کر خود مشکوک ہوگیا ہے، سربراہ جے یو آئی ف کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ خواجہ آصف کے حالیہ بیان نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے، تاہم ان کا نقطہ نظر ذاتی نہیں لگتا بلکہ اس بیان کو سیاسی مخالفین اپنے فائدے کیلئے استعمال کر رہے باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

آڈیو لیک کیس، علی امین کیخلاف فرد جرم کی کارروائی بار پھر ٹل گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کیخلاف آڈیو لیک کیس میں فرد جرم کی کارروائی ایک بار پھر ٹل گئی۔ منگل کو اسلام آباد کی باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

آرمی چیف نے بھارت سے بھیجے گئے عارضہ قلب میں مبتلا بچوں کے علاج کا ذمہ لے لیا

پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد مودی سرکار نے غیر انسانی اقدام اٹھاتے ہوئے زیر علاج مریضوں کو بھی پاکستان واپس بھیج دیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے بھارت سے واپس بھیجے گئے 2 بچوں کے علاج کا ذمہ لے لیا، پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد مودی سرکار نے غیر انسانی اقدام اٹھاتے ہوئے زیر علاج مریضوں کو بھی باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے پورا ایوان ایک زبان

پاکستان میں کئی جنگیں ہوئیں لیکن انڈس واٹر ٹریٹی کے خلاف کچھ نہیں ہوا، اس دفعہ پہلی بار مودی نے معاہدہ ختم کیا،

پاکستان اس معاملے کو عالمی عدالت انصاف میں لے جائے، بھارت نے کوئی مس ایڈونچر کیا تو پاکستان سخت ترین جواب دے گا۔ بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کے اجلاس میں بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے پورا ایوان ایک زبان ہوگیا۔ سپیکر سردار ایاز صادق کی صدارت میں قومی اسمبلی کا اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے پی ٹی باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18



نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نارووال میں ڈائیلاگ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ہماری مسلح افواج سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتی ہے، بھارت نفرت کی آگ بجھا کر امن کا راستہ اختیار کرے، احسن اقبال

بھارت کا پوری دنیا میں مذاق بن گیا ہے اس کے پاس کوئی ثبوت نہیں، ہم چاہتے ہیں خطے میں امن ہو لوگ ترقی کریں، وفاقی وزیر

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ ہماری مسلح افواج سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتی ہے، بھارت نفرت کی آگ بجھا کر امن کا راستہ اختیار کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

عمران خان سے ملاقات کا دن، روکنے پر پی ٹی آئی کارکنوں کی پولیس حصار توڑنے کی کوشش، شدید دھکم پیل، پولیس کی اضافی نفری طلب

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے دن روکنے پر پی ٹی آئی کارکنوں نے پولیس حصار توڑنے کی کوشش کی، باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

افغانستان میں خودکش حملہ آوروں کو تربیت دے کر مختلف دہشت گرد تنظیموں کو بیچے جانے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے افغانستان محمد صادق خان نے کہا ہے کہ افغانستان میں خودکش حملہ آوروں کو کیمپوں میں تربیت دے کر مختلف تنظیموں کو بیچا جاتا باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20



لاہور: سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی ایم گرین کریڈٹ پروگرام کے تحت ریسائیکلنگ میں بوتل ڈال کر آغاز کر رہی ہیں۔

وزیر خزانہ اور مشیر نجکاری نے بیرون ملک اسٹریٹجک انوسٹمنٹ ڈرائیو کا آغاز کردیا

دورہ پاکستان کے عالمی سرمایہ کاروں، مالیاتی اداروں کیساتھ تعلقات مزید گہرے کرنے کیلئے سٹریٹجک اقدام کی مثال ہے، وزارت خزانہ

لندن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے برطانیہ میں اسٹریٹجک انویسٹمنٹ ڈرائیو کا آغاز کر دیا۔ وفاقی وزارت خزانہ سے جاری اعلامئے کے مطابق ملک میں براہ راست غیر ملکی باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22



لاہور: جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن مرکز اہلحدیث میں پروفیسر ساجد میر کے انتقال پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

لوگ سٹریس میں، ٹھیک باتیں بتائیں، مثبت رپورٹنگ کریں: چیف جسٹس

ضلعی عدلیہ میں ڈبل شفٹ متعارف کروانے جا رہے ہیں، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی

جو عدالتی افسران رضا کارانہ 2 تا 5 کام کریں گے ان کی 50 فیصد تنخواہ بڑھائی جائے گی، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ ضلعی عدلیہ میں ڈبل شفٹ متعارف کروانے جا رہے ہیں، جو عدالتی افسران رضا کارانہ 2 تا 5 کام کریں گے ان کی 50 فیصد تنخواہ بڑھائی جائے گی۔ چیف باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

ملالہ یوسف زئی کا غزہ میں فوری امداد اور مستقل جنگ بندی کا مطالبہ

واشنگٹن (این این آئی) نوبل انعام یافتہ سماجی کارکن ملالہ یوسف زئی نے غزہ میں جاری انسانی بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26



غزہ: اسرائیلی قابض افواج نے فلسطینی باشندوں کے خلاف جاری ظلم وستم کے درمیان مقبوضہ یروشلم کے قصبے عساویہ پر دھاوا بول دیا۔

پنجاب اسمبلی کا 13 مئی کو طلب کردہ اجلاس منسوخ

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں 13 مئی کو طلب کیے گئے اجلاس کو منسوخ کر دیا باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

الیکشن کمیشن نے مسلم لیگ (ق) کے انٹرا پارٹی الیکشن کو تسلیم کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے پاکستان مسلم لیگ (ق) باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

پہلگام حملہ، آزاد کشمیر میں تربیتی کیمپس کا ایک اور بھارتی الزام جھوٹ ثابت

بھارت پہلگام واقعے کو جواز بنا کر بیلا نور شاہ میں دہشت گردوں کے تربیتی کیمپس موجود ہونے کا الزام عائد کر رہا ہے

الزام کی حقیقت جاننے کے لیے انٹرنیشنل اور پاکستانی میڈیا نے ایل او سی سے 26 کلومیٹر کے فاصلے پر بیلا نور شاہ کا دورہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پر ایک اور بھارتی الزام جھوٹ ثابت ہوگیا، آزاد کشمیر میں کسی دہشت گرد ٹریننگ کیمپ کے کوئی شواہد نہیں باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24



حضرت مولانا حافظ محمد یوسف کون ہیں؟

حضرت مولانا حافظ محمد یوسف کی جدوجہد کے مقاصد کیا ہیں

انکے علمی، تدریسی ۔سماجی قبائلی خدمات کا جامع جائزہ

رپورٹ ۔محمد نسیم رنزوریار







۔قارئین کرام ۔حضرت مولانا حافظ محمد یوسف ایک نڈر مہمان نواز اسلامی تعلیمات و پشتون روایات کے شناسی جید عالمِ دین، محدث، فقیہ اور نامور اسلامی اسکالر ہیں، جو علمی و دینی حلقوں میں اپنی گہری فہم، تدریسی خدمات، اصلاحی جدوجہد وکوششوں اور قبائلی مصالحتی کردار کے لیے جانے جاتے ہیں۔ آپ الحاج علامہ عبدالغنی رحمہ اللہ کے جانشین ہیں اور جامعہ اسلامیہ علامہ عبدالغنی ٹان، چمن کے مدیر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ آپ کی تعلیم و تدریس کا سفر پاکستان کے مشہور دینی مدارس سے شروع ہوا ہے جیسے 1997 میں جامعہ دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک سے تکمیل علم حاصل کی۔ آپ نہ صرف ایک بلند پایہ استاد ہیں بلکہ فقہ، حدیث، تفسیر، اور اسلامی علوم میں بھی اعلی مہارت رکھتے ہیں۔عوامی سطح پر آپ کا کردار نہایت فعال وروشن ہے۔ آپ شمالی بلوچستان میں ہرسال دوماہ پر مشتمل مسلسل دعوتی و اصلاحی دورے کرتے ہیں، جہاں سینکڑوں عوامی اجتماعات سے خطاب فرماتے ہیں۔ اسی طرح، گزشتہ 13 سال سے مقامی رویتِ ہلال کمیٹی شمالی بلوچستان کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں، جو چالیس سال تک آپ کے والدمحترم کی سرپرستی میں قائم رہی۔حضرت مولانا حافظ محمد یوسف نہ صرف علمی وتدریسی میدان میں نمایاں ہیں بلکہ آپ کو جمعیت علما اسلام پاکستان کی مجلس شوری کے رکن ہونے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔ 2014 میں آپ کو باقاعدہ مجلس شوری کا رکن منتخب کیا گیا، اور اس وقت سے دینی، علمی، سماجی اور سیاسی میدان میں آپ کی رہنمائی قابلِ قدر سمجھی جاتی ہے۔آپ کی خدمات دینی تعلیمات ۔ تدریسی و قبائلی امن و مصالحت، اور اصلاحِ معاشرہ کے لیے بے مثال و بینظیر ہیں، اور آپ کا علمی و فکری ورثہ نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔درس وتدریس کے حوالے سے 1997 تا 2001 المرکز العلوم اسلامی علامہ عبدالغنی رح شاہی چوک چمن سے آغاز کیا وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مروجہ نصاب درجہ رابعہ تک درس و تدریس کی۔ 2001 سے تا حال (2025) تک درسی سلسلہ بلاناغہ مسلسل جاری رہا اور فلحال دورہ موقوف العالیہ اور دارالحدیث اور تخصص فی الفقہ اسلامی الحنفی میں بالترتیب مشکوا المصابیح، ترمیذی شریف، بخاری شریف، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ اور سراجی فی المیر اث کا درس دے رہے ہیں۔اسکے علاوہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف مقامی رویت ہلال کمیٹی 13 برس سے مقامی رویت حلال کمیٹی شمالی بلوچستان کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں جو پچھلے چالیس سالوں سے الحاج علامہ عبدالغنی نوراللہ مرقدہ کے سربراہی میں قائم چلی آرہی تھی۔دعوتی دوروں کے حوالے سے حضرت حافظ صاحب بلوچستان کے شمالی پٹی میں ہرسال مسلسل دو مہینے سینکڑ وعوامی اجتماعات سے شعور اگاہی اور اسلامی تعلیمات کی بنا پر مختلف اسلامی اجتماعات میں باقائدہ طور شرکت اور دینی واسلامی تعلیمات پر مبنی خطاب پرماتے ہیں۔ان تمام مصروفیات کیساتھ ساتھ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف ایک ممتاز عالم دین ہیں جسکے علاقے پر بڑی بڑی احسانات ہیں۔وہ ہمیشہ قبائلی خدمات کی بنا پر شمالی پٹی بلوچستان کے طول وعرض میں جاری قبائلی قومی دشمنی و رنجشوں کو دوستیوں میں بدلنے کے لئے قبائلی رسم ورواج کیمطابق (میڑ) مرکہ بنانے کے لئے دن رات کوشاں رہتے ہیں۔ساتھ ساتھ جانیشنی کی زمداریاں بھی عائد ہیں جو انتہائی احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں اکتوبر 2011 میں اپنے عظیم والد بزرگوار علامہ عبدالغنی رحم اللہ کے علام ناک روڈ ایکسیڈنٹ میں واقعہ شہادت کے بعد علما کرام (جس میں جمیعت علما اسلام پاکستان کے مرکزی امیر حضرت مولانا فضل الرحمٰن ۔نمونہ دیوبند مولانا سلیم اللہ خان اور مولانا ڈاکٹر شیرعلی شاہ مدنی قابل ذکر تھے) نے خاندان اور علاقے کے معتبریں کے مشاورت سے اپنے والد کی منصب پر بطور جانشین مقررر کئے تب سے اب تک بحمد اللہ اپنے شہید والد کے فرائض منجی بحسن وخوبی انجام دے رہیں ہے۔



تحریر: واجد علی تونسوی

0322-0663029.

خود کو پہچانیں، دنیا خود پہچان لے گی

اللہ تعالی نے ہر انسان کے اندر کوئی نہ کوئی خاص صلاحیت ضرور رکھی ہے۔کوئی بات کرنے میں ماہر ہوتا ہے، کسی کے لکھنے کا انداز اچھا ہوتا ہے، کسی کے اندر خدمت کا جذبہ ہوتا ہے اور کسی کو نئی چیزیں سیکھنے کا جنون ہوتا ہے۔ افسوس صرف یہ ہے کہ ہم میں سے اکثر لوگ اپنی خوبیوں کو پہچان ہی نہیں پاتے۔ ہم اپنی پوری زندگی دوسروں کو دیکھ کر گزار دیتے ہیں، لیکن خود اپنے آپ کو نہیں بناتے۔ہم دوسروں کی کامیابیاں دیکھتے ہیں، ان سے متاثر بھی ہوتے ہیں، بعض اوقات حسد بھی کرنے لگتے ہیں، مگر ہم یہ نہیں سوچتے کہ جس طرح وہ کامیاب ہوئے، اسی طرح ہم بھی ہو سکتے ہیں۔شرط صرف یہ ہے کہ ہم خود کو پہچانیں، اپنی صلاحیتوں پر یقین کریں اور ان پر محنت کریں۔مگر اکثر لوگ یا تو اپنی خوبیوں کو سمجھ نہیں پاتے، یا سمجھ بھی لیں تو ان کا استعمال نہیں جانتے۔ بہت سے لوگ ایسے بھی ہیں جو اپنی خوبیوں سے واقف تو ہوتے ہیں، لیکن وہ ہر وقت دوسروں سے پوچھتے رہتے ہیں کہ اب کیا کریں؟ کب کریں؟ کیسے کریں؟ وہ دوسروں کی رہنمائی اور اجازت کے محتاج بن جاتے ہیں۔ انہیں لگتا ہے کہ جب تک کوئی دوسرا انہیں نہ کہے، وہ کچھ بھی نہیں کر سکتے۔اس رویے سے وہ اپنی زندگی کا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں۔ ان کی خوبیاں ان کے اندر ہی دب کر رہ جاتی ہیں اور پھر ایک دن وہ خود کو اس بھیڑ کا حصہ پاتے ہیں، جسے نہ اپنی منزل کا پتا ہوتا ہے، نہ راستے کا۔زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے سب سے پہلا قدم یہ ہے کہ انسان خود کو پہچانے۔ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ہم میں کیا خاص ہے؟ ہوسکتا ہے آپ کسی بڑے ہنرمند نہ ہوں، مگر آپ کے اندر کوئی ایک بات ایسی ضرور ہوگی جو آپ کو دوسروں سے مختلف بناتی ہے۔ ہو سکتا ہے آپ بہت اچھے سننے والے ہوں، دوسروں کو حوصلہ دے سکتے ہوں یا کسی مسئلے کا سادہ حل نکالنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ ایسی چھوٹی باتیں ہی بعد میں بڑی کامیابیوں کی بنیاد بنتی ہیں، بشرطیکہ ان پر توجہ دی جائے۔ہم اکثر کامیابی کو بہت بڑا اور دور کا خواب سمجھتے ہیں۔ہمیں لگتا ہے کہ یہ صرف خاص لوگوں کا مقدر ہے۔لیکن سچ تو یہ ہے کہ کامیابی انہی لوگوں کو ملتی ہے جو اس کے لیے دن رات محنت کرتے ہیں، چاہے ان کے پاس وسائل ہوں یا نہ ہوں۔ دنیا میں بہت سے عظیم لوگ ایسے گزرے ہیں، جنہوں نے نہ امیری میں آنکھ کھولی، نہ ہی انہیں بچپن سے کسی نے سکھایا کہ کیا کرنا ہے؟ لیکن وہ پھر بھی کامیاب ہوئے، کیونکہ انہوں نے خود پر یقین کیا اور جو کچھ بھی ان کے پاس تھا، اسی سے آغاز کیا۔آپ کسی بھی کامیاب انسان کی زندگی پڑھ لیجیے، آپ کو ایک بات ضرور نظر آئے گی۔ انہوں نے کبھی دوسروں کے سہارے پر زندگی نہیں گزاری۔انہوں نے خود اپنے اندر جھانکا، اپنی صلاحیتوں کو پہچانا اور پھر حالات جیسے بھی ہوں، ان سے لڑ کر آگے بڑھے۔ ہم سب بھی یہی کر سکتے ہیں، بس ہمیں ہمت کی ضرورت ہے۔دوسروں سے مشورہ لینا بری بات نہیں، لیکن ہر قدم کے لیے کسی دوسرے کے فیصلے کا انتظار کرنا آپ کی خود اعتمادی کو کمزور کرتا ہے۔اگر ہم ہر وقت دوسروں سے پوچھتے رہیں کہ کیا کریں؟ تو پھر ہم اپنی زندگی کے مالک خود نہیں رہتے۔ہم غلام بن جاتے ہیں، ایسے غلام جن کی زنجیریں نظر نہیں آتیں، مگر وہ اندر سے باندھ لیتی ہیں۔آج کے دور میں سب سے بڑی آزادی یہ ہے کہ انسان خود سوچے، خود سمجھے اور اپنے فیصلے خود کرے۔اگر کوئی غلطی ہو بھی جائے، تو اس سے سیکھا جا سکتا ہے، لیکن جو لوگ ہر وقت دوسروں کی مرضی پر چلتے ہیں، وہ نہ صرف اپنی صلاحیتوں کو ضائع کرتے ہیں بلکہ ایک دن ایسا آتا ہے کہ وہ اپنے آپ سے بھی بیگانے ہو جاتے ہیں۔ہمیں یہ بات سمجھنی ہوگی کہ دنیا میں کوئی بھی انسان آپ کے خوابوں کے لیے دن رات محنت نہیں کرے گا۔ ہر شخص اپنی فکر میں لگا ہوا ہے۔اگر آپ خود اپنی ترقی کے لیے سنجیدہ نہیں، تو دوسرا کیوں ہوگا؟ اس لیے ضروری ہے کہ آپ اپنی خوبیاں پہچانیں، ان پر کام کریں اور موقع کا انتظار کرنے کی بجائے خود موقع بنائیں۔ایسا نہ ہو کہ آپ ساری زندگی دوسروں کے فیصلوں پر گزار دیں اور آخر میں صرف افسوس رہ جائے کہ کاش میں نے خود کچھ کرنے کی ہمت کی ہوتی! اگر آپ آج پہلا قدم اٹھائیں، تو کل کے بڑے نتائج آپ کے منتظر ہو سکتے ہیں۔صرف ایک فیصلہ، صرف ایک یقین، صرف ایک کوشش !!! یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جو انسان کی تقدیر بدل دیتا ہے۔آخر میں صرف یہی کہوں گا کہ جو بھی خوبی اللہ نے آپ کو عطا کی ہے، اس پر فخر کریں۔اسے چھوٹا نہ سمجھیں۔اسے نکھارنے کے لیے وقت نکالیں۔ دوسروں کی باتوں سے متاثر ہونے کے بجائے، خود کی آواز سنیں۔آپ کے اندر جو کچھ ہے، وہی آپ کا اصل سرمایہ ہے۔بس اس پر یقین کریں اور زندگی کا سفر شروع کریں۔ پھر اللہ خود راستے کھولے گا، مواقع دے گا اس کے بعد ضرور کامیابی آپ کے قدم چومے گی، ان شا اللہ ! بس میری اس تحریر کا خلاصہ یہی ہیکہ پہلے خود کو پہچانیں پھر، دنیا خود تمہیں پہچان لے گی۔

زرعی بحران اور کاشتکارون کے بڑھتے ہوئے مسائل!

تحریر: طفیل مگسی

سندھ کے ساتھ ساتھ وطن عزیز پاکستان کی معشیت مین زراعت ریڑھ کی ھڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔جوکہ براہ راست لاکھون لوگون کا روزگار۔خوراک اور ملک کی برآمدات سے منسلک ہے۔لیکن افسوس کے ساتھ لہنا پڑتا ہے کہ اس وقت زراعت سخت بحران کا شکار ہے۔کاشتکار طبقہ جوکہ دن رات محنت و مشقت کرکے ملک کی خوراک کی تقاضات مکمل کرتا ہے۔ آج کھاد کے مہنگے ہونے کہ ساتھ ساتھ زرعی پالیسیون کی نا انصافیون کے بھینٹ چڑھ گیا ہے۔سونا یوریا۔اینگرو یوریا اور ڈی اے پی جیسے اہمیت کے حامل کھاد جوکہ کھیت کے ابتدائی مراحل مین زرخیزی اور پیداوار بڑھانے کیلیئے نہایت اہم کردار ادا کرتے ہین۔آج عام کاشتکار کی پہنچ سے دور ہوگئے ہین۔ مارکیٹ مین ایک جانب ان کھاد کی قیمتین آسمان سے باتین کر رہی ہین تو دوسری جانب بلیک مارکیٹ اور ذخیرہ اندوزی نے مسئلے کو اور بھی بڑھاوا دیا ہے۔نہ صرف کھاد۔۔۔بلکہ معیاری بیج۔زرعی ادویات کی قیمتین بھی آسمان کو چھونے لگین ہین۔زرعی اودیات۔بیج اور زراعت مین کام آنے والے آلات اس وقت ایک عام کاشتکار کیلیئے خواب بن گئے ہین۔جس کی بدولت پیداوار دن بہ دن کم ہورہی ہے اور کاشتکار کو بھاری نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ یہان تک کہ بہت سے کاشتکار قرضے لے کر فصل اگاتے ہین اور بعد ازان فصل کا مناسب ریٹ نہ ملنے پر وہ مقروص ہوجاتے ہین۔ایسی صورتحال مین زرعی سماج غربت۔تنگدستی ۔مایوسی اور بدانتظامی کا شکار ہے۔کھاد کی قیمتین کم کرکے۔خصوصا سونا یوریا۔اینگرو اور ڈی اے پی پے سبسڈی دی جائے۔معیاری زرعی بیج اور اودیات سستے دامون فراہم کین جائین اوران کے معیار پے سخت کنٹرول کیا جائے۔کاشتکارون کے لیئے کم شرح پے قرض دینے کا بندوبست کیا جائے تاکہ وہ بغیر ذہنی پریشانی کے زرعی سرگرمیان جاری رکھ سکین۔زراعت کو صنعتی سطح پے سپورٹ کیا جائے اور زرعی مارکیٹون مین کاشتکارون کو بلاواسطہ فصل فروخت کرنے کے مواقع فراہم کیئے جائین۔ذخیرہ اندوزی اور منڈی مافیا کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے۔ذخیرہ اندوزی جیسی لعنت منڈی مافیا خلاف سخت کاروایان کی جائین۔ کیونلہ زراعت فقط کاشتکارون کا مسئلہ نہین ہے بلکہ یہ۔ملک کی خوراک۔معشی ت اور خودمختیاری کا بھی سوال ہے۔اگر زرعی بحران کا فوراحل نہین نکالا گیا تو آنے والے دنون مین خوراک کی کمی۔بیروزگاری اور معاشی بدحالی ملک کو مزید پیچید گیون کے جانب دھکیل سکتے ہین۔اس لیئے آج کی اشد ضرورت ہے کہ ارباب اقتدار۔زرعی ادارے اور احسن سوچ کا مالک سماج اجتماعی طور پے کاشتکارون کے بنیادی مسائل مثلا کھاد بیج اور اودیات کی قیمتن کم کرکے ملک کی زراعت کو بچانے کی زیادہ سے زیادہ کوششین کی جائین تاکہ کاشتکار بھی خودکفیل ہوسکے اور ملک بھی ترقی کرسکے!

پاکستان ناقابل تسخیر ہے۔ہمیں اپنی فوج پر فخر ہے۔ابدالی اور الفتح میزائل پاکستان کا ٹریلر۔پاکستان زندہ باد۔ بھارت عبرت کا نشان۔۔جھوٹ پر جھوٹ



تحریر: محمد رضوان خان

پاکستان کے بارے میں اوورسیز پاکستانیوں کے کنونشن میں آرمی چیف نے قوم میں اپنے خطاب میں ایک نئی روح پھونکی تھی۔جس میں کہا تھا کہ قوم کو پاکستان کے اغراض ومقاصد اور اسکی قربانیوں اور مقاصد سے آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے پاکستان کے قیام کے مقاصد اور قرانی آیات سے بھی بہت سی باتیں کرکے قوم میں ایک نئی روح پھونکی۔اب جبکہ بھارت نے پہلگام کا فالس آپریشن کرکے پاکستان کو ملوث کرنے کی ناپاک کوشش کی جس میں اسے بری طرح ناکامی ہوئی۔ دنیا بھی بھارت کی چالبازی سے واقف ہے۔ پاکستان عالمی سطح پر اس واقعہ کی انکوائری کا مطالبہ کرچکا ہے جبکہ واقعہ کی بھی مذمت کی ہے۔ اس سے پہلے بھی بھارت پلوامہ اور بالاکوٹ جیسے ڈرامے کرچکا ہے۔نریندر مودی وزیراعظم بننے کے بعد بھی اپنی گجرات کے قصائی والی ذہنیت ختم نہیں کی اور آج بھی دہشت گرد ہے۔مسلمانوں کے قاتل مودی نے بھارت میں اقلیتوں کا جینا حرام کر دیا ہے جبکہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم انتہا پر ہیں۔ مسلمانوں کی جائیدادیں ہتھیانے کے لئے جبری قانون بنا کر الگ ظلم جاری ہے۔ سندھ طاس معاہدہ کی معطّلی غیر قانونی عمل کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی خلاف ورزی ہے۔ جس طرح کشمیر کے لئے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی دھجیاں بکھیر دیں اسی طرح اب ورلڈ بنک اور دیگر کو خاطر میں نہیں لا رہا۔ پاکستان نے بھی جرات مندانہ اقدام کئے ہیں۔اپنی فضائی حدود کے استعمال پر پابندی، شملہ معاہدہ، اقر دیگر اقدامات ہیں۔ بھارت نے پاکستان کو مزاق سمجھنے کی غلطی کی ہے۔ پاکستان نے آبی جارحیت کوریڈ لائن قرار دیتے ہوئے کسی بھی ایڈونچر کی صورت میں منہ توڑ جواب دینے کا عندیہ دیا ہے۔جبکہ ابدالی اور الفتح میزائل کے کامیاب تجربے اور عسکری قیادت نے بھرپور تیاری کرلی ہے۔ بھارت کا جنگی جنون پاکستان بھرکس نکال کر پورا کرسکتا ہے۔ابھی صرف ٹریلر چلے ہیں۔ ہمارے مرد آہن آرمی چیف نے امن پسند ملک ہونے کے ناطے پہل نہیں کی ہے لیکن بھارت کی ہر شرارت کا جواب پاکستان دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پاکستان ناقابل تسخیر ہے۔ سیاسی قیادت اور عوام اپنی فوج کے شانہ بشانہ ہیں۔ لیکن پی ٹی آئی نے ڈی جی آئی ایس آئی اور حکومت کی مشترکہ بریفنگ میں شرکت نہ کرکے اچھی روایت رقم نہیں کی قومی بیانیہ میں تو ساتھ ہیں لیکن ریاست پر سیاست کو ترجیح نہیں ہونی چاہئے۔ پاکستان میں را اور بھارتی دہشت گردی کے ثبوت ہیں۔کلبھوشن یادیو اسکی جیتی جاگتی تصویر ہیں۔بلوچستان میں دہشت گردی، جعفر ایکسپریس سانحہ اسکی کھلی مثال ہے۔اقوام عالم سمیت عالمی عدالت انصاف کو بھی جاگنا چاہئے۔ یہ تو حقیقت ہے کہ اگر بھارت نے جنگ مسلط کی تو پاکستان اسے نشان عبرت بنا دے گا۔ بھارت کی انتہا پسندی کے خلاف کاروائی اب عالمی طاقتوں کی ذمہ داری ہے۔ پاکستان کو ترنوالہ سمجھنے کی غلطی بھارت کو داستان بنادے گی۔ہمیں اپنی فوج پر فخر ہے۔ پاکستان زندہ باد۔پاک فوج زندہ باد

جامیکدے سے میری جوانی اٹھا کے لا

مہمان کالم

نعیم مسعود

عمرِ رفتہ کبھی لوٹتی ہے کیا؟ نہ بھی لوٹے، لیکن دانائی یا شہنائی اور تحریک یا تاریخ کی کہانی اس وقت تک مکمل نہیں ہوتی جب تک ماضی کے دریچوں سے جھانکا نہ جائے۔مسئلہ یہ کہ ہم نے کہانی سننا یا سنانا چھوڑ دیا۔جب کبھی پریوں کی کہانی سنتے تھے لگتا تھا پر لگ گئے، جب کوئی سرکٹے جن کی کہانی سناتا تو سہم جاتے کہ انسان کا نقصان ہوگا۔یہ کہانیاں دادی کے لرزتے لبوں پر ہوتیں یا دادا کے گرجتے ہونٹوں کی، یہ ڈراتی اور سمجھاتی رہتی تھیں۔آج چھوٹی چھوٹی دو کہانیاں ہمارے پاس بھی ہیں۔سیاسی کارکنان وسیاسی قیادت، جنگ اور امنگ کی کہانیاں، کوئی سفر اور جبر کی کہانی ! کچھ دن قبل جنوبی پنجاب کیلئے رختِ سفر باندھا پھر شہرِ اقتدار گئے۔اب کل جو ہو سو، لیکن جنگ کے منڈلاتے سایوں میں کہیں بھی عوام کے سر پر جوں تک نہ رینگتی دیکھی، قوم کا یہ بلا کا اعتماد کیا ہے؟ زیڈ اے بھٹو کا تدبر، اٹیمی پاکستان کے خواب کو عملی جامہ پہنانا پھر ڈاکٹر اے کیو خان اور انکی ٹیم کی سب کہانیاں سچی کہانی ہو جانا، پاکستان کا جوہری توانائی کا حامل ہوجانا۔اور قوم کا اعتماد یہ بھی کہ اسے اپنی فوج پر اعتماد ہے !اسی طرح گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے ملے تو گورنر ہاوس کی بزم میں ان کا سوال تھا جنگ کے متعلق خیال ہے؟ گورنر صاحب جہاندیدہ آدمی ہیں سب سمجھتے ہیں لیکن وہ میرے سمیت سب حاضرین کے چہرے کی کہانی پڑھنا چاہتے تھے۔

سوال اتنا اچانک تھا کہ جو بھی کسی کے دل میں تھا سب کہہ دیا۔ ہر چہرے پر مسکراہٹ تھی اور اعتماد گویا کہانی سمجھ آ گئی۔ ویسے گورنر صاحب کے ہاں جب بھی حاضر ہوں انہیں چانسلر ذی وقار سمجھ کر جاتے ہیں اس امید پر کہ کبھی تو کھل کر ہائر ایجوکیشن کی باتیں ہوں گی۔زیورِ تعلیم چرانے کیلئے چانسلر ہاوس پر محمود غزنوی کی طرح شاید 17 "حملوں " کی کہانی ذہن میں رکھنا ہو گی۔۔۔ یاد آیا، پیپلز پارٹی کا کارکن بھی کیا کمال مخلوق ہے: جیتوں تو تجھے پاوں ہاروں تو پیا تیری ! کوئی جو بھی کہے پیپلز پارٹی جمہوریت پسندی اور آئین سازی کی ایک سچی کہانی ہے۔ حالیہ پیپلز پارٹی پنجاب چاہے جتنی بھی مدہوش ہو، کارکنان سے دور رہ کر تین چار تحصیلوں اور چند بے بنیاد اور بیثمر عہدوں سے چمٹی رہی لیکن اس پارٹی کی آکسیجن اس کا تابناک ماضی ہے، کوئی تازہ ہوا کا جھونکا نہیں !بے شک راجہ پرویز اشرف سے دوست غصہ ہی کر جائیں لیکن عرض یہ ہیکہ منظور وٹو سے تا حال صدور کو جورہ گئے یا جا کر واپس آ گئے انہیں سوچنا چاہیے کہ زوال کیوں ہے؟ کیا دائیں بائیں "دوسطحی کہانیوں " کو بٹھا کر ایک جید پارٹی چل جائے گی، پنجاب کی قیادت سے گھرے سیاسی فہم والا طبقہ خوش نہیں دائیں بائیں براجمان "خصوصی سیٹیں "ہوں، تو ہوں۔ گورنر ہاوس میں چند کارکنان سے ملاقات ہوئی گورنر صاحب سے بیلوث محبت اور بیغرض الفت کے ساتھ خوش ہیں۔ ابھی پرسوں ترسوں یوم مزدور تھا اور ہر طرف کہانی یہ دہرائی جارہی تھی کہ بھٹو نے 1972 میں مزدور کے تحفظ کیلئے پہلی لیبر پالیسی بنائی، اور بھٹو نے 1976 میں مزدوروں کی پنشن کیلئے اولڈ ایج بینیفٹ انسٹیٹیوشن کو قائم کیا۔ پاکستان کے سیاسی کلچر میں پی ٹی آئی کے کارکنان انتھک، مسلم لیگ نواز کے سنجیدہ اور جماعت اسلامی کے فہمیدہ ہیں اگر مسئلہ کہیں اور پر نہ ہوتو سب جمال ہیں اور روشن امید بھی۔ خیر گورنر پنجاب سے اتنی گزارش کریں گے کہ گورنر ہاوس کی بیوروکریسی وٹیکنوکریسی نہ سہی تاہم آپ کارکنان اور چانسلری کا مان رکھتے ہیں۔ اس ایجوکیشن کی بھی بڑی دردناک کہانیاں ہیں سو چانسلر کے پرسونا ڈیز گنیٹا کو خدارا توجہ درکار ہے! سیاست اور جمہوریت سے عشق کیلئے، جنگ ہو کہ امنگ اس میں سرخروئی کیلئے اعلی تعلیم سے محبت ضروری ہے، اور ہائیر ایجوکیشن تحقیق کی سچی کہانیوں سے انس رکھتی ہے افسانوں سے نہیں۔ دیرپا احساس اور پائیدار خیال کیلئے:

کہتے ہیں عمر رفتہ کبھی لوٹتی نہیں

بقیہ 1

پاک فوج کی گاڑی پر سڑک کے کنارے بم حملہ مچھ کے علاقے میں ہوا۔شہید ہونے والوں صوبیدار عمر فاروق عمر 42 سال سکنہ کراچی، نائیک آصف خان عمر 28 سال سکنہ کرک، نائیک مشکور علی عمر 28 سال سکنہ اورکزئی، سپاہی طارق نواز عمر 26 سال سکنہ لکی مروت، سپاہی واجد احمد فیض عمر 28 سال سکنہ ضلع باغ، سپاہی محمد عاصم عمر 22 سال سکنہ کرک اور سپاہی محمد کاشف خان عمر 28 سال سکنہ کوہاٹ شامل ہیں۔بیان کے مطابق حملے کے بعد دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا تاکہ اس بزدلانہ جرم میں شریک دہشتگردوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جاسکے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز قوم کی حمایت سے بلوچستان کے امن، ترقی و استحکام سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہیں، ایسی قربانیاں بہادر فوجیوں کے حوصلے اور عزم کو مضبوط کریں گی۔ بیان میں کہا گیا کہ قوم اور فوج ملکر بھارت اور اس کے پراکسی کو پاکستانی سرزمین پر شکست دینگے

بقیہ 2

بہاولپور، کوٹلی، مظفرآباد میں میزائل داغے ہیں اور بلااشتعال بزدلانہ حملہ کیا ہے جبکہ پاک فوج نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے دو جہاز مار گرائے۔ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل احمد شریف نے کہا کہ اب سے کچھ دیر پہلے بزدل دشمن ہندوستان نے پاکستان میں مسجد سبحان اللہ بہاولپور احمد پور ایسٹ کے علاقے میں، کوٹلی اور مظفرآباد میں تین جگہ فضا سے میزائل داغے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری فضائیہ کے جہاز ہمہ وقت تیار ہیں، بھارت نے بزدلانہ حملہ کیا ہے، جو بلااشتعال اور شرمناک حملہ ہے اور یہ اپنی فضائی حدود کے اندر سے کیا ہے۔میجر جنرل احمد شریف نے کہا کہ بھارت نے یہ حملہ اپنی فضائی حدود سے کیا ہے

بقیہ 3

اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر سیکیورٹی ریڈ الرٹ نافذ کرتے ہوئے فلائٹ آپریشن فوری طور پر معطل کردیا گیا ہے جب کہ ایئر اسپیس کو عام پروازوں کے لیے بند کردیا گیا ہے۔فضائی ایمرجنسی کے باعث فضا میں موجود تین پروازوں کا رخ تبدیل کیا گیا۔ ڈائیورٹ کی جانے والی پروازوں میں دوحہ سے اسلام آباد آنے والی قطر ایئرلائن، سعودی عرب سے آنے والی سعودی ایئرلائن اور ایک نجی ایئرلائن کی پرواز شامل ہے جنہیں پشاور اور دیگر متبادل ایئرپورٹس کی جانب موڑ دیا گیا۔ذرائع کے مطابق، یہ ہنگامی اقدامات بھارت کی جانب سے کی گئی ایک ممکنہ بزدلانہ کارروائی کے خدشے کے پیش نظر کیے گئے ہیں۔ راولپنڈی کی فضاؤں میں پاکستانی شاہینوں کی گشت جاری ہے، جب کہ فضا میں مسلسل گن گرج کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں۔اسلام آباد کے علاوہ لاہور، ملتان، فیصل آباد، اسکردو، اور پشاور ایئرپورٹس پر بھی فضائی ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے اور سیکیورٹی اداروں کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔

بقیہ 4

خارجہ نے کہا کہ یہ بیان پاکستان کے کہنے پر دیا گیا جو پہلگام واقعے کے حقائق کو نظرانداز کرتا ہے۔ بھارتی وزارت خارجہ نے او آئی سی گروپ کے بیان پر کہا کہ بھارت او آئی سی کی جانب سے بھارت کے اندرونی معاملات میں مداخلت کو مسترد کرتا ہے۔

بقیہ 5

بھارتی ایئرلائنز کو گزشتہ 12 روز میں 275 کروڑ بھارتی روپے سے زائد کا نقصان ہوچکا ہے۔ بھارت کی ایئرلائنز ایئر انڈیا، آکاسا ایئر، اسپائس جیٹ، انڈیگو ایئر، ایئر انڈیا ایکسپریس کی پروازیں متاثر ہورہی ہیں اور پاکستان کی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی طیاروں کو آدھے بھارت سے ہوکر بحیرہ عرب سے جانا پڑ رہا ہے۔طویل روٹس سے گزرنے پر بھارتی ایئرلائنز کو فیول اور دیگر آپریشنل اخراجات دگنے ہونے پر مالی نقصان کا سلسلہ بدستور جاری ہے، پاکستان کی فضائی حدود بند ہونے سے انڈیگو ایئر کی تاشقند اور الماتی کے لیے پروازیں تاحال بند ہیں۔اسی طرح امرتسر، دہلی، ممبئی، احمد آباد اور بنگلور سمیت دیگر شہروں سے جانے والی بھارت کی تمام ایئرلائنز کو یومیہ کروڑوں روپے کا نقصان ہورہا ہے

بقیہ 6

خواجہ آصف نے کہا کہ بتایا گیا ہے کہ بھارت کی طرف سے جارحیت متوقع ہے۔انہوں نے کہا کہ ہماری سرزمین کے ٹکڑے پر قبضے کی حکمت عملی بھارت کو بہت مہنگی پڑے گی، بھارت کے ساتھ تصادم ناگزیر ہوگیا ہے، تصادم کسی بھی وقت ہوسکتا ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ بھارتی حکمرانوں نے پاکستان کا پانی روکنے کی کوشش کی تو وہ اسی میں ڈوب مریں گے، بھارت نے پانی روکنے کیلئے تعمیرات کیں تو ہم انہیں تباہ کردیں گے۔

بقیہ 7

سربراہان کے ہمراہ انٹرسروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) کے ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا۔وزیراعظم آفس کے اعلامیے کے مطابق اس موقع پر ملکی قیادت کو پاکستان کی مشرقی سرحد پر بھارت کے بڑھتے ہوئے جارحانہ اور اشتعال انگیز رویے کی روشنی میں روایتی خطرے سے نمٹنے کی تیاریوں پر خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے سلامتی کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ملکی قیادت کو علاقائی سلامتی کی پیش رفت اور ابھرتے ہوئے خطرات سے آگاہ کیا گیا جن میں روایتی فوجی آپشنز، ہائبرڈ وارفیئر حکمت عملی اور دہشت گردی کی پراکسیز شامل ہیں۔

بقیہ 8

نے مسلح افواج کے سربراہان کے ہمراہ آئی ایس آئی کے ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا اور قومی سلامتی کے معاملے پر بریفنگ لی۔بعدازاں وزیراعظم نے نیشنل فیوژن اینڈ تھریٹ اسیسمنٹ سینٹر (نیفٹک) کا افتتاح کیا۔یہ ادارہ 50 سے زائد وفاقی وصوبائی محکموں اور ایجنسیوں کو ایک مرکزی انٹیلی جنس نظام میں ضم کرتا ہے جسے نیشنل ڈیٹابیس کی مدد حاصل ہے۔قومی سطح کے ساتھ ساتھ یہ نظام صوبائی سطح پر بھی مربوط ہے، جس کے تحت چھ ذیلی انٹیلی جنس سینٹرز قائم کیے گئے ہیں۔ان میں آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان بھی شامل ہیں تاکہ مرکز سے لے کر صوبوں تک ایک مربوط معلوماتی نیٹ ورک قائم کیا جاسکے۔یہ مربوط فریم ورک انٹیلی جنس یکجا کرنے، تجزیہ کرنے اور مؤثر آپریشنل ردعمل میں ہم آہنگی پیدا کرے گا۔ادارہ جاتی صلاحیتوں کے مکمل استعمال سے یہ نظام نہ صرف قومی تیاری کو مضبوط بنائے گا بلکہ وسائل کے مؤثر استعمال اور بروقت ردعمل کو بھی ممکن بنائے گا۔وزیراعظم نے اس اہم قومی صلاحیت کے فعال کرنے میں شریک تمام اداروں کی کاوشوں کو سراہا اور نیفٹیک کو اجتماعی خطرات کے تجزیے اور ان کے تدارک کیلئے ایک اہم قرار دیا۔وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی، غیرقانونی نیٹ ورکس اور بیرونی معاونت کے گٹھ جوڑ کو توڑنے کیلئے مؤثر اور مربوط ادارہ جاتی نظام ناگزیر ہے، نیفٹیک اس مقصد کے حصول میں مرکزی کردار ادا کرے

بقیہ 9

انہوں نے پاکستان پر کیے گئے حملوں کو "بزدلانہ" قرار دیتے ہوئے دشمن کو خبردار کیا ہے کہ قوم اور افواج پاکستان ہر چیلنج سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ "مکار دشمن نے پاکستان کے پانچ مقامات پر بزدلانہ حملہ کیا ہے"، جو نہ صرف پاکستان کی سلامتی پر حملہ ہے بلکہ خطے کے امن کو بھی خطرے میں ڈالنے کی کوشش ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "پاکستان، بھارت کی مسلط کردہ اس جنگی عمل کا بھرپور جواب دینے کا پورا حق رکھتا ہے اور بھرپور جواب دیا جارہا ہے"۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم متحد ہے اور افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ "پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ ہے اور پوری پاکستانی قوم کا مورال اور جذبہ بلند ہے۔وزیراعظم شہباز شریف نے دشمن کے عزائم کو ناکام بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "پاکستانی قوم اور افواج پاکستان دشمن سے نبٹنا بخوبی جانتے ہیں اور دشمن کو اپنے مزموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے"۔

بقیہ 10

صورتحال کے تناظر میں بھی بات چیت کی گئی۔وزیرداخلہ محسن نقوی نے قطر کے وزیراعظم کو پاک بھارت حالیہ کشیدگی کے حوالے سے پاکستان کے ٹھوس اور اصولی موقف سے آگاہ کیا، محسن نقوی نے خطے میں قیام امن کے لئے پاکستان کے جامع اقدامات کے بارے بریف کیا۔انہوں نے کہا کہ پہلگام واقعہ پر بھارت کے بے بنیاد الزامات اور اقدامات سے خطے کے امن کو سنگین خطرات لاحق ہیں، پہلگام واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی پیشکش پاکستان کے اصولی موقف کو مضبوط کرتا ہے، دنیا کو علم ہونا چاہیئے کہ واقعہ کے ماسٹر مائنڈ اور اصل ملزمان کون ہیں اور اس کا بینفشری کون ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت نے اس واقعہ کی آڑ میں سندھ طاس معاہدے پر وار کیا ہے جو ہمارے لیے لائف لائن ہے۔محسن نقوی نے واضح کیا کہ خطے میں دیرپا امن چاہتے ہیں لیکن جارحیت پر خاموش نہیں رہیں گے۔قطر کے وزیراعظم نے پاک بھارت کشیدگی میں کمی کے لئے سفارتی کوششوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہم خطے میں عدم کشیدگی کی پالیسی کے حامی ہیں، امید ہے کہ سفارتی کوششوں سے کشیدگی کم ہوگی۔قطر کے وزیراعظم نے وزیراعظم شہباز شریف کے لیے نیک خواہشات کا پیغام بھی بھیجا۔انہوں نے کہا کہ آپ کے وزیراعظم بہت محنت سے پاکستانی معیشت کو درست سمت لے کر جارہے ہیں۔قطر میں پاکستان کے سفیر محمد عامر اور اعلیٰ حکام بھی اس موقع پر موجود

بقیہ 11

اتاف سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحٰق ڈار نے الجیریا کے ہم منصب کو خطے کی صورتحال سمیت بھارتی الزامات اور غیرقانونی اقدامات اور بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی سے آگاہ کیا۔دفتر خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ الجیریا کے وزیرخارجہ احمد اتاف نے دونوں جانب سے کشیدگی میں کمی کی کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔اسحٰق ڈار نے الجیریا کے ساتھ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل فریم ورک کے مطابق روابط اور تعاون کا اعادہ کیا، دونوں جانب سے دوطرفہ تعاون سمیت تجارت معیشت اور دفاعی شعبہ جات میں معاونت پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 12

فالس فلیگ آپریشن کشمیر میں کیا، فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں بھارت سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت نے 2019ء میں بھی ایسا آپریشن کیا اور کشمیر میں 370 کا آرٹیکل لگایا، بھارت کا فالس فلیگ آپریشن نئی بات نہیں، بھارتی پارلیمنٹ پر حملے کا الزام اور کشمیر اسمبلی واقعے پر بھی بھارتی اداروں نے فالس فلیگ تسلیم کیا، پہلگام فالس فلیگ بھونڈے طریقے سے کیا گیا ہے، بھارت پاکستان کو ٹارگٹ کرنے کے بہانے تلاش کرتا ہے، اس بار بھارت کو وہ بیرونی سپورٹ نہیں ملی جس کی بھارت کو اُمید تھی۔ جاوید اسلم نے کہا کہ ہم تمام ویٹرنز اور ریٹائرڈ پاکستان کیلئے حاضر ہیں، پاک وطن کے انچ انچ کی حفاظت کے لیے تیار ہیں، پاکستان کی فوج دنیا کی بہترین فوج ہے، ہم اپنی فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑے ہیں

بقیہ 13

الرحمن نے گرینڈ الائنس میں شامل ہونے سے انکار کردیا۔نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن نے پہلے پارٹی سے مشاورت کیلئے وقت مانگا اور پھر انکار کیا، مقامی سیاست سے متعلق اُن کے کچھ خدشات تھے۔شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ انتخابی اتحاد جب ہوتے ہیں تو کچھ لے دے ہوتا ہے، بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر مولانا فضل الرحمٰن کو خدشات دور کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی۔پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات نے کہا کہ مجوزہ معدنیات بل سے متعلق بانی پی ٹی آئی کا بیان آچکا، وزیراعلیٰ معدنیات بل پر پہلے بانی پی ٹی آئی کو بریفنگ دیں گے۔شیخ وقاص اکرم نے یہ بھی کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی مرضی ہوگی تو معدنیات بل پاس ہوگا ورنہ نہیں۔

بقیہ 14

اختلاف کرتے ہوئے نظر ثانی درخواستوں کو ناقابل سماعت قرار دیدیا، جسٹس عائشہ ملک نے ریمارکس دیے ہیں کہ فیصلے پر عملدرآمد کیے بغیر آپ نظرثانی کیسے فائل کرسکتے ہیں؟ جسٹس عقیل عباسی نے ریمارکس دیے ہیں کہ فیصلے پر عملدرآمد نہ ہونے پر توہین عدالت کی درخواست بھی ہے۔منگل کو سپریم کورٹ کے جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 13 رکنی آئینی بینچ نے مخصوص نشستوں کے فیصلے پر نظرثانی درخواستوں پر سماعت کی، آئینی بینچ میں جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس عائشہ ملک، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس عقیل عباسی، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس ہاشم کاکڑ، جسٹس صلاح الدین پنہور، جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی شامل تھے۔سماعت کے آغاز پر مسلم لیگ (ن) کے وکیل حارث عظمت روسٹرم پر آئے اور مؤقف اختیار کیا کہ مخصوص نشستیں ایک ایسی جماعت کو دی گئیں جو کیس میں فریق نہیں تھی۔جسٹس عائشہ ملک نے ریمارکس دیے کہ اس نکتے کا جواب فیصلے میں دیا جاچکا ہے، آپ کی نظرثانی کی بنیاد کیا ہے؟ جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ آپ کا پورے فیصلے سے اختلاف ہے یا پھر اکثریتی فیصلے سے

بقیہ 15

ادارے آڈٹ کرانے سے انکاری ہیں جبکہ کمیٹی نے آڈٹ نہ کروانے والے تمام اداروں کے سربراہوں کو طلب کرلیا۔تفصیلات کے مطابق پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین جنید اکبر خان کی زیر صدارت ہوا۔ دوران اجلاس پاکستان اسٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی میں 5 ارب روپے کی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا۔رکن کمیٹی نوید قمر نے کہا کہ یہ اتھارٹی خود کو وفاقی حکومت کے زیرانتظام نہیں سمجھتی۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے ایک ماہ میں پاکستان اسٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کے مالیاتی قواعد بنانے کی ہدایت کی۔آڈیٹر جنرل نے انکشاف کیا کہ اس وقت 7 سے 8 سرکاری ادارے آڈٹ کرانے سے انکاری ہیں۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے ہدایت کی کہ آڈٹ نہ کروانے والے تمام اداروں کے سربراہوں کو طلب کیا جائے۔

بقیہ 16

کا تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ ضمانت بطور سزا روکی نہیں جاسکتی۔سپریم کورٹ کے جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس ہاشم کاکڑ اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل بینچ کی جانب سے جاری فیصلے میں کہا گیا ہے کہ اندراج مقدمہ اور سپلیمنٹری بیان میں تاخیر کی وضاحت نہیں دی گئی، سازش کا الزام استغاثہ نے ٹرائل میں ثابت کرنا ہے۔عدالت نے قرار دیا کہ اعجاز چوہدری کو 12 مئی کی ایف آئی آر میں نامزد نہیں کیا گیا تھا، 10 جون کو سوشل میڈیا مواد پر اعجاز چوہدری کو مقدمے میں نامزد کیا گیا، ضمانت بطور سزا روکی نہیں جا سکتی۔عدالت نے قرار دیا کہ درخواست کو اپیل میں تبدیل کرکے منظور کیا جاتا ہے، اعجاز چوہدری کی تھانہ سرور روڈ لاہور میں درج مقدمے میں ضمانت بعدازگرفتاری ایک لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض منظور کی جاتی ہے۔واضح رہے کہ سپریم کورٹ رواں ماہ 2 مئی کو 9 مئی کیسز میں پی ٹی آئی کے سینیٹر اعجاز چوہدری اور فرحت عباس کی ضمانت منظور کرلی تھی اور ٹرائل کورٹ میں ایک لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا جس کے بعد اعجاز چوہدری کو عدالت سے رہا کردیا گیا تھا۔

بقیہ 17

اداروں کے طلبا، میڈیا کے نمائندے اور گرین گارڈینز نے شرکت کی۔مریم اورنگزیب نے اپنے جامع خطاب میں موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز، حکومتی پالیسیوں، اور ماحولیاتی بہتری کے لیے کیے گئے اقدامات پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں کلائمٹ چینج کو ایک غیرمعمولی اور غیرضروری مسئلہ سمجھا جاتا تھا، لیکن اب یہ حقیقت بن چکا ہے کہ موسمیاتی تغیرات براہ راست انسانی زندگی، زراعت، صحت اور معیشت پر اثرانداز ہو رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے حلف اٹھاتے ہی فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے ملٹی سیکٹورل سطح پر کام کا آغاز کیا۔ پنجاب کی پہلی کلائمٹ چینج پالیسی بنائی گئی، جس پر اب تیزی سے عملدرآمد ہورہا ہے۔

بقیہ 18

آئی رہنما بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بھارت اور پاکستان دونوں ہمسایے ہیں، بار بار جنگ کی بات نہ کریں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کئی جنگیں ہوئیں لیکن انڈس واٹرٹریٹی کے خلاف کچھ نہیں ہوا، اس دفعہ پہلی بار مودی نے معاہدہ ختم کیا، پاکستان اس معاملے کو عالمی عدالت انصاف میں لے جائے، بھارت نے کوئی مس ایڈونچر کیا تو پاکستان سخت ترین جواب دے گا۔بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا تھا پاکستان سوچے گا نہیں جواب دے گا، مودی کے انڈیا اور عام سیکولر انڈیا میں فرق ہے، مودی کا انڈیا مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کے قتل عام پر خوش ہے، بھارت کو پتا ہونا چاہئے کہ یہ غزہ طرز کی جنگ نہیں ہوگی، پاک بھارت جنگ ہوئی تو بہت آگے تک جائے گی۔پی ٹی آئی کے رکن اسمبلی کا کہنا تھا کہ بھارت پاکستان کا پانی کسی صورت نہیں روک سکے گا، مودی کے الزامات کو ہم مسترد کرتے ہیں،

بقیہ 19

شدید دھکم پیل پر پولیس کی اضافی نفری طلب کرلی گئی۔ذرائع کے مطابق منگل کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے دن اڈیالہ جیل جانے والے راستوں پر پولیس نے ناکے لگادیئے، گاڑیوں کو چیکنگ کے بعد آگے جانے کی اجازت دی جارہی ہے۔ملاقات کے لیے بشریٰ بی بی کی بیٹی مبشرہ شیخ، بھابھی مہرالنسا، سینیٹر علی ظفر اور ایڈووکیٹ نعیم حیدر پنجوتہ اڈیالہ جیل کے باہر پہنچ گئے۔ترجمان بانی پی ٹی آئی نیاز اللہ نیازی کو پولیس نے داہگل ناکے پر روک لیا، ان کی بہنوں علیمہ خان، نورین نیازی، عظمیٰ خانم اور کزن قاسم خان کو بھی گورکھپور ناکے پر روک دیا گیا۔بانی پی ٹی آئی کے وکیل سلمان صفدر کو بھی پولیس نے گورکھ پور ناکے پر روک لیا۔پی ٹی آئی کارکنوں نے مرکزی شاہراہ کو بند کردیا اور نعرے بازی کی جس سے اڈیالہ روڈ پر ٹریفک جام ہوگیا اہو شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔گورکھ پور ناکے پر پی ٹی آئی کارکنوں نے پولیس حصار توڑنے کی کوشش کی، کارکنوں اور پولیس کے درمیان شدید دھکم پیل ہوئی۔پولیس اہلکاروں نے کارکنوں کو جیل کی جانب جانے سے روک دیا، علیمہ خان نے کارکنوں کو حکم دیا کہ ہم پیدل جیل تک جائیں گے۔پولیس کی اضافی نفری طلب کرلی گی، علیمہ خان اور فیملی کے دیگر افراد بھی دھکم پیل کا شکار ہوئے۔بعدازاں بانی پی ٹی آئی کی 2 بہنوں اور کزن قاسم خان کو ملاقات کی اجازت دے دی گئی تاہم علیمہ خان کو ملاقات کی اجازت نہیں ملی۔

بقیہ 20

ہے۔علاقائی ڈائیلاگ کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹی ٹی پی ایک چیلنج ہے، یہ پاک افغان تعلقات کو ڈینٹ ڈال رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب ہم ضرب عضب کے بعد ٹی ٹی پی کے مسئلے کو حل کرسکتے تھے، اس وقت کچھ سرحد پار چلے گئے، کچھ یہاں سلیپر سیل میں بدل گئے۔انہوں نے کہا کہ اہم وقت وہ بھی آیا جب افغان حکومت نے ٹی ٹی پی کو خطرہ سمجھتے ہوئے ان کی گرفتاریاں کیں، دوحہ مذاکرات میں بھی ٹی ٹی پی کی بات کی گئی۔محمد صادق نے کہا کہ موجودہ افغان طالبان حکومت ٹی ٹی پی کے حوالے سے پاکستان کے تحفظات کو حل نہیں کرسکی، افغان شہروں، دیہات، قصبوں میں ہر جگہ طالبان کی موجودگی ہے، وہ ہتھیار رکھتے ہیں اور ابھی جنگ سے نہیں تھکے۔انہوں نے کہا کہ افغانستان میں مختلف خطوں میں مختلف طرح کے لوگ موجود ہیں، ٹی ٹی پی نے افغان طالبان کو جنگ میں خودکش حملہ آور، مالی امداد، انٹیلیجنس اور ہتھیار فراہم کیے، افغان عبوری حکومت کہتی ہے اگر ہم ٹی ٹی پی کے خلاف کارروائی کریں تو خدشہ ہے یہ داعش میں شامل ہوجائیں گے۔محمد صادق خان نے کہا کہ خودکش حملہ آوروں کو کیمپوں میں تربیت دے کر بیچ دیا جاتا ہے، ان کو مختلف تنظیموں کو بیچا جاتا ہے۔

بقیہ 21

نے سپورٹس جمنیزیم میں نارووال پیس ڈائیلاگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔احسن اقبال نے کہا کہ 6 مئی 2018ء جو میرے ساتھ ہوا یہ تقریب اس کا جواب ہے اس نوجوان کے ذہن میں سیاسی و مذہبی جماعت نے اپنی سیاست کے لئے نفرت پیدا کی۔سوشل میڈیا ایسا ذریعہ ہے جس سے ہر شخص متاثر ہورہا ہے۔اس نوجوان نے سوشل میڈیا سے متاثر ہوکر مجھ پر حملہ کیا۔2018ء کا الیکشن میں مجھے اس بات کا سامنا کرنا پڑا کہ مجھے ثابت کرنا پڑا کہ ہم مسلمان ہیں۔گولی جو لگی بہت بڑا پیغام چھوڑ گئی کہ کوئی بھی نوجوان اس نفرت کا شکار ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلام سے اس سے بڑی دشمنی نہیں ہوسکتی کہ ہم اسلام کا نام لینے والوں کو قتل کریں۔ جو لوگ ناموس رسالت کے ٹھیکے دار بنتے ہیں وہ دوسرے مسلمانوں کا مذاق اڑاتے ہیں وہ دین کے ٹھیکے دار ہیں۔

بقیہ 22

سرمایہ کاری کے فروغ اور پاکستان کے عالمی اقتصادی پروفائل کو بہتر بنانے کیلئے جرات مندانہ اقدام کے تحت بین الاقوامی مالیاتی ماہرین کے ساتھ ملاقاتوں کیلئے وزیرخزانہ محمد اورنگزیب اور وزیراعظم کے مشیر برائے نج کاری محمد علی لندن پہنچ گئے ہیں۔وزیرخزانہ کے ہمراہ وزیراعظم کے مشیر کا یہ دورہ پاکستان کے اعلیٰ درجے کے عالمی سرمایہ کاروں اور مالیاتی اداروں کے ساتھ تعلقات مزید گہرے کرنے کے لیے ایک اسٹریٹجک اقدام کی نشان دہی کرتا ہے۔اعلامئے میں کہا گیا کہ دورے کے دوران وفد ڈی ٹی بی پارٹنرز، ایس ٹی جے پارٹنرز، ڈوئچے بینک، بیرنبرگ بینک اور اموںڈی فنڈ گروپ سمیت معروف فرموں کے ایگزیکٹوز کے ساتھ اہم ملاقاتیں کرے گا، ان ملاقاتوں کا مقصد پاکستان کی نج کاری کے روڈ میپ اور سٹریٹجک، طویل مدتی سرمایہ کاری کے مرکز کے طور پر پاکستان کی بڑھتی ہوئی صلاحیت کو اجاگر کرنا ہے۔

بقیہ 23

کے انٹراپارٹی الیکشن کو تسلیم کرلیا۔الیکشن کمیشن نے ق لیگ کے انٹراپارٹی الیکشن کا سرٹیفکیٹ بھی شائع کردیا۔الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ کے مطابق مسلم لیگ (ق) کا انٹراپارٹی الیکشن 12 اپریل کو ہوا تھا۔ انٹراپارٹی الیکشن میں چوہدری شجاعت حسین پارٹی صدر منتخب ہوئے۔سرٹیفکیٹ کے مطابق چوہدری سالک سینئر نائب صدر جبکہ طارق حسن سیکریٹری جنرل منتخب ہوئے۔

بقیہ 24

ملے۔بھارت کی جانب سے پہلگام واقعے کو جواز بنا کر پاکستان پر آزاد کشمیر کے علاقے بیلا نور شاہ میں دہشت گردوں کے تربیتی کیمپس موجود ہونے کا الزام عائد کیا جارہا ہے۔اسی الزام کی حقیقت جاننے کے لیے انٹرنیشنل اور پاکستانی میڈیا نے ایل او سی سے 26 کلومیٹر کے فاصلے پر بیلا نور شاہ کا دورہ کیا۔ بھارتی الزامات کے برعکس علاقے میں پرامن ماحول اور زندگی معمول کے مطابق رواں دواں ہے۔مقامی شہری نے کہا کہ 37 سال سے دور دور تک کوئی کیمپ نہیں دیکھا معمولات زندگی اچھی طرح جاری ہیں، دنیا تسلیم کررہی ہے کہ یہاں کوئی جہادی کیمپ نہیں تھا۔وہاں موجود سیاح کا کہنا تھا کہ ہم یہاں لوگ گھومنے پھرنے آئے تھے ہمارے سامنے بچے اسکول میں گئے پیچھے ایک کالج ہے سرکاری اسکول ہے بچے اپنی لائف انجوائے کررہے ہیں اور ہم بھی گھوم پھر رہے ہیں۔

بقیہ 25

گیا۔سپیکر پنجاب اسمبلی نے اجلاس کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا۔ اسپیکر ملک محمد احمد خان نے اپوزیشن کی ریکوزیشن پر 13 مئی کو اجلاس طلب کیا تھا جبکہ اسمبلی سیکرٹریٹ نے منگل کے روز ہی نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔ بعدازاں اسپیکر پنجاب اسمبلی نے 13 مئی کو ہونے والے اجلاس منسوخی کا حکم جاری کردیا، اس حوالے سے بھی اسمبلی سیکرٹریٹ نے نوٹیفکیشن جاری کردیا۔

بقیہ 26

عالمی برادری سے فوری امداد کی فراہمی اور مستقل جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ملالہ نے سوشل میڈیا پر امریکی اخبار کی رپورٹ کا عکس شیئر کیا جس میں بتایا گیا تھا کہ اسرائیلی ناکہ بندی کے باعث غزہ کے بچے شدید بھوک اور طبی سہولیات کی کمی کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال انتہائی دل دہلا دینے والی ہے، جہاں معصوم فلسطینی بچے زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ملالہ نے کہا میں ان بچوں کی حفاظت اور بہتر مستقبل کیلئے دعاگو ہوں اور دنیا سے مطالبہ کرتی ہوں کہ فوری طور پر غزہ میں امداد پہنچائی جائے اور جنگ کا خاتمہ کیا جائے۔

بقیہ 27

جسٹس جسٹس یحییٰ آفریدی نے صحافیوں سے ملاقات کی، اس دوران گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملاقات میں چین اور ترکیہ کے دورے کا بتانا چاہوں گا، جسٹس امین الدین، جسٹس شاہد وحید اور ضلعی عدلیہ کے 2 جج ساتھ تھے۔انہوں نے کہا کہ دورے کے دوران چینی سپریم پیپلز کورٹ کے چیف جسٹس سے ون آن ون ملاقات ہوئی تھی۔انہوں نے کہا کہ ملاقات میں انصاف کی فراہمی کے نظام میں ٹیکنالوجی کے استعمال پر گفتگو اور بنیادی طور پر چین کے نظام انصاف کی فراہمی میں ٹیکنالوجی کی فراہمی پر بات ہوئی۔

بقیہ 28

مقامی عدالت میں ایڈیشنل سیشن جج نصرمن اللہ نے علی امین گنڈاپور کے خلاف آڈیو لیکس کیس پر سماعت کی شریک ملزم اسد فاروق خان پیش ہوئے جبکہ علی امین غیرحاضر رہے، عدالت نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے پولیس کو وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کرانے کی ہدایت کردی۔عدالت نے ایس ایچ او کو ہدایت کرتے کہا کہ وارنٹ گرفتاری کی تعمیل نہ ہونے کی صورت میں ایس ایچ او عدالت میں پیش ہوکر وضاحت دینگے، آئندہ سماعت پر ملزمان پر فرد جرم عائد کی جائے گی۔

بقیہ 29

پاکستان واپس بھیج دیا تھا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق دل کے عارضے میں مبتلا 2 بچوں کے والد شاہد احمد نے نریندر مودی کے غیر انسانی اقدام کی سخت مذمت کی ہے۔حیدرآباد کے رہائشی شاہد احمد نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے 2 بچے پیدائشی طور پر دل کے عارضے میں مبتلا ہیں جن کا علاج کرانے وہ بھارت گئے تھے۔انہوں نے بتایا کہ 21 اپریل 2025 کو وہ اپنے بچوں کے علاج کی غرض سے بھارت کے شہر فرید آباد پہنچے، 22 اپریل کو دونوں بچوں کے میڈیکل ٹیسٹ کیے گئے، 23 اپریل کو ڈاکٹرز نے سرجری پلان کرلی تاہم 24 اپریل کو بھارتی فارنرز ریجنل رجسٹریشن آفس سے کال آئی کہ اگلے 48 گھنٹوں میں ہم نے بھارت چھوڑنا ہے۔شاہد احمد نے کہا کہ نریندر مودی کی انتہاپسندانہ پالیسیوں کا کسی کو کوئی فائدہ نہیں، وہ آر ایس ایس اور مودی کے اس پاکستان دشمن اقدام کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انسانیت سے بڑا کوئی مذہب نہیں، ہندو مذہب بھی انسانیت کا درس دیتا ہے، انہوں نے بتایا کہ انہیں 7 سال کی تگ و دو کے بعد بچوں کے علاج کے لیے بھارت کا ویزا ملا تھا۔انہوں نے بتایا کہ دوران علاج بی جے پی کی حکومت نے انہیں پاکستان واپس بھیج کر غیر اخلاقی اور غیر انسانی سلوک کیا، انہوں نے بچوں کو فوری علاج کی سہولت مہیا کرنے پر آرمی چیف کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (اے ایف آئی سی) میں ان کی امیدوں سے بڑھ کر ان کے بچوں کا علاج ہو رہا ہے، بچوں کے علاج معالجے کے حوالے سے انہیں کسی پریشانی کا سامنا نہیں ہے۔اے ایف آئی سی کے ڈاکٹر محبوب سلطان نے بتایا کہ 9 سالہ عبداللہ اور 7 سالہ منسا ہسپتال میں زیرعلاج ہیں، دونوں بچے پیدائشی طور پر دل کے عارضے میں مبتلا ہیں، دونوں بچوں کے دل میں سوراخ ہیں اور پھیپھڑوں کی نالیاں بھی کمزور ہیں، دونوں بچوں کی مرحلہ وار سرجری ہوگی، اگلے چند دنوں میں پہلے مرحلے کی سرجری کو مکمل کرلیا جائے گا۔ڈاکٹر محبوب سلطان نے بتایا کہ اے ایف آئی سی میں بچوں کے دل کے پیدائشی امراض کا علاج کیا جاتا ہے، اس بیماری کے علاج کے لیے ان بچوں کو باہر جانے کی ضرورت نہیں، اے ایف آئی سی میں پہلے بھی کئی بچوں کی سرجریز کی جاچکی ہیں۔بریگیڈیئر خرم اختر نے بتایا کہ یہ بچے Tetralogy of Fallot کی بیماری میں مبتلا ہیں، اس بیماری میں تھوڑی پیچیدگیاں ہیں کیونکہ پھیپھڑوں کی نالیاں چھوٹی ہیں، ان بچوں کی مرحلہ وار سرجریز کی جائیں گی، یہ علاج بین الاقوامی اصولوں اور معیار کے بالکل عین مطابق ہے۔

بقیہ 30

ہیں، ہندوستان کے اندر خود نریندر مودی پر شدید تنقید ہورہی ہے، پاکستان میں سیاسی اختلافات اپنی جگہ، لیکن وطن کی حفاظت کیلئے پوری قوم متحد ہے۔پروفیسر ساجد میر کی وفات پر اظہار تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے پاکستان پر سویلین کو قتل کرنے کا الزام بے بنیاد اور بلاجواز ہے، اور اس طرح کے الزامات سے وہ خود مشکوک ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے اندر خود نریندر مودی پر شدید تنقید ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیاسی اختلافات اپنی جگہ، لیکن وطن کی حفاظت کیلئے پوری قوم متحد ہے اور ہر پاکستانی وطن کے دفاع کیلئے ایک صف میں کھڑا ہے۔انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف کے حالیہ بیان نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے، تاہم ان کا نقطہ نظر ذاتی نہیں لگتا بلکہ اس بیان کو سیاسی مخالفین اپنے فائدے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔مولانا فضل الرحمٰن نے دینی مدارس سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مدارس کو سوسائٹی سے الگ نہیں رکھا جاسکتا۔انہوں نے بتایا کہ شوال میں دینی مدارس کے داخلے ہوتے ہیں اور اس سال اتنا زیادہ رش ہے کہ وقت سے پہلے ہی داخلے بند کرنا پڑ گئے، مدارس اب مزید داخلے لینے کی گنجائش نہیں رکھتے۔

بقیہ 31

سربراہی میں ڈویژن بینچ میں اسٹینو کے بغیر عدالتی کارروائی ہوئی۔جسٹس محسن اختر کیانی اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے مختلف کیسز کی سماعت کی۔کارروائی کے دوران سینئر پیونے جج جسٹس محسن اختر کیانی خود ہی آرڈر لکھتے رہے۔جج کی طرف سے سماعت کے بعد آرڈر ڈکٹیٹ کرانے پر اسٹینو شارٹ ہینڈ میں نوٹ کرتا ہے، تاہم ڈویژن بینچ کی کی عدالتی سماعت کے دوران کورٹ اسٹینو موجود ہی نہیں تھا۔عدالتی کارروائی کے دوران جسٹس محسن اختر کیانی نے اہم ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں اسٹینو کی قلت ہوگئی ہے، اللہ خیر ہی کرے۔انہوں نے کہا کہ آج ہمارے پاس اسٹینو موجود نہیں، سول جج کی طرح میں خود آرڈر لکھوں گا، پانچ چھ اور ججز آ جائیں تو شاید حالات ٹھیک ہوجائیں۔

بقیہ 32

ساتھ چلیں گے۔نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں حکومت کا رویہ افسوس ناک ہے، ادھر نریندر مودی اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی کے پاس گئے۔انہوں نے کہا کہ ہماری آواز کو بلیک آؤٹ کیا جائے گا تو پھر ہم کہاں کھڑے ہیں؟ آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا اعلان ہم نے رمضان میں کیا تھا۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی جنگ کے مترادف ہے، پاکستان کے معاملے پر ہم سیسہ پلائی دیوار کی طرح ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 33

مظاہرہ کررہی ہے، پاکستان قومی نے ڈر کر جینا نہیں سیکھا۔منگل کو قومی اسمبلی میں پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارتی جارحیت کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پہلگام واقعے کے بعد مقتولین کا خون جمنے سے قبل ہی بھارت نے پاکستان پر الزام تراشی شروع کردی، سرحدیں بند کردیں اور نتائج سے دھمکانا شروع کردیا۔انہوں نے کہا کہ میں پاکستان عوام اور دنیا کو بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان کا اس جرم میں کوئی ہاتھ نہیں ہے، ہم دہشت گردی برآمد نہیں کررہے بلکہ ہم خود دہشت گردی کا شکار ہیں۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دہشت گردی صرف جسموں پر حملے کا نام نہیں ہے، یہ سچ، امن اور تہذیب پر حملہ ہے، دہشت گردی کسی مارکیٹ میں بم دھماکے یا فائرنگ کرنے کا نام نہیں ہے، بڑھتی ناانصافی پر عالمی خاموشی دہشت گردی ہے، مظلوم کی گردن کو بوٹوں سے دبانے کا نام دہشت گردی ہے، بلڈوزر کے ذریعے گھر کو تاریکی میں بدلنا دہشت گردی ہے،\

بقیہ 34

بولی دہندگان سے اضافی سیکیورٹی رقم بھی ڈیجیٹل طریقے سے وصول کی جائے گی جبکہ رجسٹریشن فیس سمیت تمام مالی ادائیگیاں آن لائن ہی ممکن ہوں گی۔

بقیہ 35

کی جانب سے کوئی گرفتاری یا مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی، جس پر متاثرہ خاندان نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔صحافی دوست محمد سومرو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ برادری کے افراد ممتاز سومرو، الہوسایو، رمضان، اور یاسین سومرو نے ڈنڈوں اور کلہاڑیوں سے ان کے گھر پر حملہ کیا۔حملے میں ان کے والد کی باز و ٹوٹ گئی جبکہ انہیں خود کلہاڑیوں کے وار سے شدید زخمی کردیا گیا۔انہوں نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی سکھر اور ایس ایس پی خیرپور سے اپیل کی ہے کہ وہ واقعے کا نوٹس لیں، ملزمان کو فوری گرفتار کریں اور متاثرہ خاندان کو انصاف اور تحفظ فراہم کریں\

بقیہ 36

میں نئی بھرتیاں کرکے اس ادارے میں اصلاحات لائے تاکہ واپڈا کی کارکردگی بہتر ہوسکے۔انہوں نے کہا کہ اسٹاف کی کمی کے باعث ایک ملازم چار افراد کا کام کررہا ہے جس کی وجہ سے کئی ملازمین شہید بھی ہوچکے ہیں۔حکومت کو چاہیے کہ واپڈا میں اصلاحاتی پروگرام متعارف کروائے، بجلی کی قیمتیں کم کرے اور نئے ملازمین کی بھرتی کا عمل فوری طور پر شروع کرے تاکہ ادارے کی بہتری کے ساتھ صارفین کے مسائل بھی حل ہوسکیں۔انہوں نے کہا کہ آج ملک بھر میں واپڈا ہائیڈرو یونین کی جانب سے احتجاجی مظاہرے کیے جارہے ہیں۔ ہمارا حکومت سے مطالبہ ہے کہ واپڈا کی نجکاری کا عمل فورا بند کیا جائے، نئی بھرتیاں کی جائیں اور ادارے کی بہتری کے لیے اصلاحاتی پروگرام نافذ کیے جائیں، بصورت دیگر واپڈا ہائیڈرو یونین اپنے مطالبات کی منظوری کے لیے سخت احتجاج پر مجبور ہو جائے گی۔

بقیہ 37

تشکیل دی جائے گی، کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ ایڈیشنل آئی جی پولیس ہوں گے۔

بقیہ 38

یعقوب شیخ، رحمان خان، معظم خان، ریاضت علی، جمشید بلوچ، اظہر اعوان، حارث خان، پی پی جیالوں سمیت عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی پی پی رہنما رزاق باجوہ نے اپنے صاحبزادے ارمان باجوہ کی سالگرہ میں شرکت کرنے والے تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا کیپشن فوٹو گرافی پی رہنما رزاق باجوہ کے صاحبزادے ارمان باجوہ کی سالگرہ کے موقع پر سابق نائب صدر ڈسٹرکٹ ایسٹ اکبر بلوچ، پی ایس 102 جنرل سیکرٹری فہد بلوچ، یعقوب شیخ، رحمان خان، معظم خان، ریاضت علی، جمشید بلوچ، اظہر اعوان، حارث خان، سمیت دوست احباب عزیز و اقارب بھی موجود ہیں

بقیہ 39

اقدار کی علمبردار جماعت ہے۔سید اویس قادر شاہ نے کہا کہ سینٹ انتخابات کا شفاف انعقاد الیکشن کمیشن کی پیشہ ورانہ کارکردگی کا عکاس ہے۔انہوں نے پیپلز پارٹی کے تمام ووٹرز اور ارکان اسمبلی کا بھی شکریہ ادا کیا جنھوں نے وقار مہدی کو کامیاب بنانے میں کردار ادا کیا۔جاری کردہ: اسد علی ڈاہر پبلک ریلیشنز آفیسر (پی آر او) اسپیکر سندھ اسمبلی

بقیہ 40

حادثات میں 773 ڈرائیوز، 62 کم عمر ڈرائیور، 501 مسافر اور 174 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 229 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 279 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 81 حادثات میں 97 متاثرین کے ساتھ دوسرے، گوجرانوالہ 80 حادثات میں 84 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1448 متاثرین میں 1184 مرد اور 264 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 261 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 829 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 358 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1208 موٹرسائیکلز، 83 آٹو رکشے، 121 کاریں، 33 وین، 14 مسافر بسیں، 34 ٹرک اور 105 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ 41

ون کو ریلیف کی ہدایت کی۔اسی طرح سب انسپکٹرز مجاہد حسین اور وحید اشرف کی پروموشن کی درخواستوں پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون کو ریلیف کی ہدایت کی جبکہ سب انسپکٹر محمد صفدر اسلم کی پروموشن کی درخواست پر ایس پی سی سی ڈی گوجرانوالہ کو ریلیف کی ہدایت دی۔ترجمان نے مزید بتایا کہ کانسٹیبل جہانگیر احمد کی طبی مالی امداد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت دی جبکہ شہید ہیڈ کانسٹیبل افضل کی اہلیہ کی بیٹی کی سکالرشپ کیلئے درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت دی۔انہوں نے بتایا کہ شہید ہیڈ کانسٹیبل عبدالقادر کی اہلیہ کی مالی امداد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت دی جبکہ کانسٹیبل عبدالباسط کی طبی مالی امداد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت کی۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلقہ دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کئے۔

بقیہ 42

ہیں۔لیاقت بلوچ نے مرکز اہل حدیث میں پروفیسر ساجد میر مرحوم کی تعزیت کے بعد میڈیا اور سوشل میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پہلگام واقعہ کے بعد بھارت کا مسلسل جھوٹ ہی عالمی طاقتوں کو ثالثی پر مجبور کررہا ہے۔ اگر پہلگام واقعہ میں پاکستان ملوث ہوتا تو عالمی طاقتیں بھارت کی طرف دار بن جاتیں۔ پاکستان اور انڈیا کے درمیان کشیدگی، جنگی خطرات صرف جنوبی ایشیاء نہیں عالمی سطح پر نقصانات کا باعث ہونگے۔ثابت شدہ جھوٹ پر عالمی برادری انڈیا کا محاسبہ کرے۔ بھارت نے سندھ طاس معاہدہ کو اسی طرح معطل کیا

بقیہ 43

مذمت ہے۔اختر ڈار نے کہا کہ مذکورہ ایسوسی ایشن کو ضلع بھر کے سابقہ اور موجودہ ارکان اسمبلی معززین علاقہ ہر دور کے ڈپٹی کمشنر مل کر اس ادارے کی آبیاری کرتے رہے ہیں جبکہ سابق صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق اور دیگر حاکم وقت اس ادارے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور سراہتے رہے ہیں، اس آرگنائزیشن کو قبضہ مافیا جیسے القابات سے نوازنا انتہائی نامناسب اور افسوسناک رویہ ہے۔انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا کہ غریب عوام کو علاج ومفت ادویات فراہم کرنے اور بانی پاکستان قائداعظم کی قاتل بیماری ٹی بی کے خاتمے کے لئے سرگرم ایسوسی ایشن کو بند کرنے اور تذلیل کرنے کی بجائے مناسب جگہ فراہم کی جائے تاکہ اس نیک اور صالح عمل کو جاری رکھا جاسکے۔

بقیہ 44

ہے۔عورت کوئی ملازمت نہ کرتی ہو تو باپ پر فرض ہے کہ وہ طلاق یافتہ بیٹی کو خرچہ دے، شرعی طور پر بھی اس پر لازم ہے کہ بیٹی طلاق یافتہ ہو یا غیر شادی شدہ، خرچا دینا ہی ہوگا۔عدالت نے خاتون کے دعوے پر فیصلہ محفوظ کرتے ہوئے، آئندہ تاریخ پر خاتون کے والد کو نوٹس جاری کردیا۔

بقیہ 45

بشانہ کھڑی ہوگی۔انہوں نے واضح کیا کہ ہم پرامن لوگ ہیں، مگر اگر سرحدوں پر خطرہ آیا تو ہم کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔رہنماؤں کا کہنا تھا کہ مودی کو یہ غلط فہمی ہے کہ وہ جنگ مسلط کرے گا اور ہم خاموش رہیں گے۔ جب تک ہم زندہ ہیں، وطن عزیز پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔اقوام عالم کو بتانا چاہتے ہیں کہ بھارت ہمیشہ پاکستان کے خلاف سازشوں میں ملوث رہا ہے اور جھوٹے الزامات لگا کر پاکستان کو دنیا میں بدنام کرنے کی کوشش کرتا رہا ہے، جسے پاک فوج نے ہر بار ناکام بنایا۔شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان میں بسنے والی تمام قومیں، خصوصاً بلوچ برادری، ملک کی سلامتی اور دفاع کے لیے ہر محاذ پر تیار کھڑی ہیں اور پاک فوج کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھیں گی۔

بقیہ 46

بھر میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں مسلسل جاری ہیں انچارج سی آئی اے ٹنڈو محمد خان نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چرس سپلائر مختیار عرف پٹاٹو بھٹی کو گرفتار کرلیا جس سے 250 گرام چرس برآمد کرلیا۔ ملزم کے خلاف تھانہ سٹی ٹنڈو محمد خان پر منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ایس ایچ او تھانہ آباد گار نے اپنے دیگر پولیس اسٹاف کے ہمراہ کارروائی کی جس میں ایک ایکٹو کرمنل نیاز محمد برھانی کو گرفتار کرلیا جس کے قبضہ سے ایک عدد غیرقانونی اسلحہ ٹی ٹی پسٹل اور 3 عدد گولیاں برآمد کرلی ملزم کے خلاف اسلحہ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ 47

پی ڈی دی میں افسران سے خطاب کے دوران اپنے وسیع تجربے سے حاصل شدہ قیمتی معلومات افسران کے ساتھ شیئر کیں۔انہوں نے افسران کو ملازمت کے دوران آنے والے چیلنجز اور ان سے نمٹنے کے لیے عمدہ حکمت عملی سے آگاہ کیا اور انہیں مؤثر، بااخلاق اور نظم وضبط کے پابند سول سرونٹ بننے کی رہنمائی فراہم کی۔اپنے لیکچر کے دوران انہوں نے کلیدی کارکردگی اشاریوں (KPIs) پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ ملک مبشر احمد خان نے اپنے لیکچر میں عوامی خدمت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے افسران کو ایمانداری، پیشہ ورانہ طرز عمل اور عوامی فلاح و بہبود کے عزم کو اپنانے کی تلقین کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حقیقی کامیابی خلوص اور دیانت کے ساتھ انسانیت کی خدمت میں مضمر ہے۔خیال رہے کہ ملک مبشر احمد خان ایک بہادر، نڈر، اعلیٰ تعلیم یافتہ، تجربہ کار اور اصول پسند افسر ہیں، وہ ایک نظم وضبط کی حامل فورس سے تعلق رکھتے ہیں، عوامی خدمت کی طاقت اور ذمہ داری پر پختہ یقین رکھتے ہیں۔ملک مبشر احمد خان کی قیادت اور دیانت داری نوجوان افسران کے لیے ایک مثالی نمونہ ہے۔

بقیہ 48

بین الاقوامی تحقیقات میں تعاون کے لیے تیار ہیں، بھارتی اقدامات سے خطے میں امن وسلامتی کو شدید خطرات لاحق ہیں۔عاصم افتخار نے بتایا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سلیت کے دفاع کے لیے تیار ہے، خطے کے ممالک کے ساتھ مسائل کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تنازع کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی مسئلہ ہے، مسئلہ کشمیر کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے سلامتی کونسل اجلاس سے مقاصد حاصل کرلیے ہیں۔

بقیہ 49

چاچڑ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد علی، پولیو کے فوکل پرسن ڈاکٹر وجنہ کمار، اے ڈی ایچ او ڈاکٹر لچھمن داس، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نور محمد شیخ، ایم ایس سول اسپتال ڈاکٹر فرید احمد ہنگورجو، پی پی ایچ آئی ڈی ایم شرف الدین میمن، ای پی آئی کے فوکل پرسن ڈاکٹر شیر مہر، پولیو کمیونیکیشن آفیسر ارباب منگریو، یو سی ایم اوز، محکمہ صحت کے ڈاکٹرز، مختلف سماجی تنظیموں کے نمائندے اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ نوید الرحمان لاڑک نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ہمیں اس بیماری کے خاتمے کے لیے بھرپور اقدامات کرنے ہوں گے،

بقیہ 50

دھرنا دیا اور بودر فارم پولیس کے خلاف شدید نعرہ بازی کی، اس دوران پولیس کی جانب سے دھرنے پر بیٹھے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے لاٹھی چارج اور ہوائی فائرنگ کی گئی جبکہ پولیس اور مظاہرین آپس میں گتھم گتھا ہوگئے جس کے نتیجے میں ایس ایچ او بودر فارم روشن لغاری سمیت چار پولیس اہلکار زخمی ہوگے اور مظاہرین نے پولیس موبائل کے شیشے توڑ ڈالے اس دوران کشیدگی بڑھنے پر بودر فارم پولیس نے ضلع بھر کی پولیس نفری طلب کرلی، بعدازاں پولیس کی بھاری نفری نے گاں قاسم بھٹی میں بھٹی برادری کے گھروں کو گھیر کر چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کرتے ہوئے

بقیہ 51

خلاف ایکشن، 29 ٹرک سامان قبضے میں لے لیا گیا۔شہر بھر سے 3 ہزار سے زائد مستقل و عارضی تجاوزات کا صفایا کرکے 2 مقدمات درج کئے گئے، بڑی تعداد میں غیرقانونی بینرز، پوسٹرز اور سٹیمرز بھی ہٹادیئے گئےمتعدد کو نوٹسز جاری کردیا گیا۔ ڈی سی سید موسیٰ رضا کا کہنا تھا کہ تجاوزات کا خاتمہ شہر کی خوبصورتی بحال کرے گا۔

بقیہ 52

رہنماں نے پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے تعصبی رویہ کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ فیڈریشن کا کوئی ذمہ دار بھی استقبال کیلئے موجود نہیں تھا عالیہ سومرو کا تعلق لیاری سے ہے یہ ہی جرم بن گیا اسلئے کوئی نمائندہ یا سٹی گورنمنٹ کا کوئی نمائندہ بھی معصوم بچی کے استقبال کیلئے نہیں پہنچا جبکہ لکڑی کا ٹکڑا پھینکنے والے کو وفاق اور صوبائی سطح پر سراہا گیا۔ انہوں نے کہا کہ لیاری لائرز فورم کی جانب سے عنقریب ایک استقبالیہ کا پروگرام رکھا جائیگا۔ جسمیں ہم لیاری کی بیٹی کو شاندار خراج تحسین پیش کرینگے۔ ہم نے ہمیشہ تعلیم اور کھیل کے شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے نوجوانوں و بچوں کی حوصلہ افزائی کی ہے۔

بقیہ 53

شامل تھے۔عوامی سطح کے کنونش میں فیکٹریوں میں مزدوروں کے ابتر حالات کم ازکم اجرت نہ دینا، ٹھیکیداری نظام، پرائیویٹائزیشن، کام کی جگہوں پر نامناسب حالت کا رواش روم نہ ہونا، حق انجمن سازی، سالانہ بونس، میڈیکل و پنشن نہ ہونے پر سوالات کئے، مقررین نے پاکستانی لیبر قوانین اور آئی ایل او کی روشنی میں جوابات دئے۔آخر میں یوم مئی 2025 کے حوالے سے بھی مزدور یکجہتی کا اعلان کیا گیا۔۔اس مزدور حقوق سالانہ کنونش کا اہتمام پاکستانی تنظیم NOW یعنی نیشنل آرگنائزیشن فار ورکنگ کمیونیٹیز نے کیا تھا، تنظیم کا مقصد عوامی سطح پر مختلف شعبہ جات کے مزدوروں کو آئینی ومزدور حقوق پر تعلیم و تربیت وآ گہی فراہم کرنا ہے۔ پروگرام کے آخر میں تنظیم NOW کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر محترمہ فرحت پروین نے تمام شرکا اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ پروگرام کے بعد ایک پرتکلف عشائیہ کا بھی اہتمام کیا گیا۔۔۔

بقیہ 54

سناتے ہوئے مرکزی ملزم شہباز کو زینب سے زیادتی کرنے کے جرم 376 ت پ میں 25 سال قید بامشقت جبکہ لڑکی کو اغوا کرنے کی دفعات 363 ت پ میں 10 سال قید بامشقت اور مجموعی طور پر سات لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنادیا جبکہ ملزم کی سہولت کار خاتون ثمرا کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کردیا۔

بقیہ 55

معائنہ کیا اور ان میں گہری دلچسپی لی،، اس موقع پر شاھجہان خان، عالمشیر اعوان، شعیب جدون ودیگر مہمانوں نے الجدون کالج کے سربراہ خلیل الرحمٰن جدون کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ پسماندہ علاقے میں ایک معیاری ادارے کا قیام ایک بہت بڑا تعلیمی انقلاب لاسکتا ھے اور علاقے کے طلبہ و طالبات میڈیکل کے شعبے سے منسلک ہوکر صحت کے شعبے میں اپنا اور اپنے والدیں کے ساتھ علاقے کا نام روشن کرسکتے ھیں، خلیل الرحمٰن جدون کی یہ محنت یقینن رنگ لائیگی، اس موقع پر شاھجہان خان اور عالم شیر اعوان نے میڈیکل کے شعبے میں اپنا کردار ادا کرنے پر خلیل الرحمن جدون کو شاباس دی اور نیک تمناں کا اظہار کیا

بقیہ 56

پاکستان کی اگلی صفوں میں آکر ملک اور قوم کے لئے بہترین اقدامات کرسکتے ہیں جس سے معاشرے میں بگاڑ کو روکنے اور ملک میں منفی پروپیگنڈہ سے عام آدمی کو محفوظ اور باخبر رکھ کر ملک اور قوم کی بہترین خدمت کی جاسکتی ہے۔گفتگو کے آخر میں ڈاکٹر ایم عمران صدیقی صاحب نے جی۔بی پاکستان کے تمام علما مشائخ کو انکی کاوشوں کو سراہتے ہوئے مبارکباد پیش کی

بقیہ 57

شرکت کی۔مظاہرین کا کہنا تھا کہ وہ گزشتہ چار سالوں سے ویٹنگ لسٹ میں موجود ہیں لیکن نہ تو انہیں آفر آرڈرز دیے گئے اور نہ ہی ایس این ای (SNE) منظور کی گئی، جس کے باعث ان کا قیمتی وقت ضائع ہوگیا اور وہ عمر کی بالائی حد کو پہنچ چکے ہیں۔مظاہرین نے الزام عائد کیا کہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے ہزاروں خالی اسامیوں کو چھپا رکھا ہے، حالانکہ سندھ میں تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی شدید قلت ہے اور کئی اسکول تاحال بند ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت سندھ ایک طرف 90 ہزار نئی بھرتیوں کی بات کرتی ہے، مگر دوسری جانب پہلے سے میرٹ پر کامیاب 13,000 ویٹنگ امیدواروں کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔احتجاج کرنے والے امیدواروں نے یہ بھی دعوی کیا کہ بعض مخصوص علاقوں میں کم نمبر (33) حاصل کرنے والے اور نااہل قرار دیے گئے 20,246 امیدواروں کو آفر آرڈرز جاری کیے جاچکے ہیں، جب کہ 40 سے +50 مارکس حاصل کرنے والے امیدوار تاحال ویٹنگ میں ہیں، جو سراسر ناانصافی اور میرٹ کی پامالی ہے۔مظاہرین نے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے اپیل کی کہ وہ اس معاملے میں مداخلت کریں اور وعدے کے مطابق نوجوانوں کو روزگار دلانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ان کا کہنا تھا کہ "نوجوان اس ملک کا سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں، اور پیپلز پارٹی کا نعرہ 'روٹی، کپڑا اور مکان' ہے، جس میں روزگار بھی شامل ہے۔احتجاجی امیدواروں نے سیاستدانوں، ایم این ایز، ایم پی ایز اور سماجی نمائندوں سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ اس معاملے کو سنجیدگی سے لیں اور تعلیم کے شعبے میں انصاف کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 58

سے روبہ صحت ہیں اور اپنی معمول کی سرگرمیوں کی طرف واپس لوٹ رہے ہیں۔ شماس العباد خان نے تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کیا جو اس مشکل وقت میں دعاگو رہے۔ اور کہا کہ ڈاکٹر عشرت العباد کیساتھ چند دن پہلے، اچانک پیش آنے والے ایک طبی مسئلے نے ہمیں آزمایا۔مگر رب کریم کا خاص احسان، آپ سب کی دعاں کی برکت، اور ڈاکٹر صاحب کے عظیم حوصلے نے اس مشکل گھڑی کو سر کرلیا۔آج وہ تیزی سے صحت یاب ہورہے ہیں، اور پوری قوت سے واپس اپنی معمول کی مصروفیات کی طرف لوٹ رہے ہیں۔ گو کہ یہ خبر صرف چند ساتھیوں تک ہی پہنچ سکی وہ بھرپور مشکور ہیں تمام ساتھیوں کا جو دعاگو رہے۔ آج جب ہماری قوم سنگین اندرونی اور بیرونی چیلنجز کا سامنا کررہی ہے، بالخصوص بھارت کے ساتھ موجودہ جنگی صورتحال میں، ڈاکٹر صاحب کا پیغام بالکل واضح ہے کہ عوام کا اتحاد، آپ کی وفاداری اور دعاوں کی طاقت ہی ہے جو ہر سپاہی کا حوصلہ بڑھاتی ہے۔آج، ہمیں اپنے محافظوں کے لیے ایک زندہ قوم بن کر یکجہتی اور ثابت قدمی کا علم بلند کرنا ہے۔شماس العباد کا مزید کہنا تھا کہ یاد رکھیے، پاکستان ناقابل تسخیر ہے کوئی دشمن، کوئی سازش، ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتی۔ "میری پہچان پاکستان" ایک تحریک ہے جو رکنے والی نہیں . متحد رہیں، یہی ہمارا مقدر اور ہماری شان ہے۔جاری کردہ: مرکزی میڈیا سیل میری پہچان پاکستان

Regional News




علاقائی خبریں



ٹھری میرواہ گاؤں ڈھیڈھانو میں برادری کے افراد کا صحافی کے گھر پر حملہ

صحافی خود، اس کے والد سمیت 5 افراد شدید زخمی ہوگئے ٹھری میرواہ اسپتال منتقل

ٹھری میرواہ (رپورٹ زاہد علی شر) ٹھری میرواہ گاؤں ڈھیڈھانو میں برادری کے افراد کا صحافی کے گھر پر حملہ، 5 افراد زخمی ٹھری میرواہ تعلقہ کے گاں ڈھیڈھاو میں مقامی صحافی دوست محمد سومرو کے گھر پر اس کی ہی برادری کے افراد نے حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں صحافی خود، اس کے والد سمیت 5 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر ٹھری میرواہ اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد حالت نازک ہونے پر انہیں خیرپور سول اسپتال ریفر کر دیا گیا۔ واقعے کی رپورٹ میرواہ تھانے میں درج کرائی گئی ہے، تاہم تاحال پولیس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

واپڈا ہائیڈرو یونین سکھر کی جانب سے پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

حکومت واپڈا کی نجکاری کا فیصلہ فوری واپس لے نئی بھرتیاں کر کے اس ادارے میں اصلاحات لائے: خلیل الرحمان ڈوکی



سکھر (نمائندہ اندازِ شہر) واپڈا ہائیڈرو یونین سکھر کی جانب سے واپڈا کی نجکاری کے خلاف اور نئے ملازمین کی بھرتی کے لیے سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر ریجنل سیکریٹری خلیل الرحمان ڈوکی، شجاعت کھرو، سید ماجد علی شاہ اور دیگر نے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت واپڈا کی نجکاری کا فیصلہ فوری طور پر واپس لے اور واپڈا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36



پی پی رہنما رزاق باجوہ کے صاحبزادے ارمان باجوہ کی سالگرہ کی تقریب دوستوں کی مبارکباد

اکبر بلوچ، فہد بلوچ، یعقوب شیخ، رحمان خان، معظم خان، ریاضت علی، جمشید بلوچ سمیت عزیز و اقارب کی شرکت

کراچی (سٹاف رپورٹر) باجوہ ہاؤس کراچی میں پی پی رہنما اور معروف کاروباری شخصیت رزاق باجوہ کے صاحبزادے ارمان باجوہ کی سالگرہ کا انعقاد کیا گیا اور کیک کاٹا گیا سالگرہ کی تقریب میں پارٹی جیالوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور پی پی رہنما رزاق باجوہ کے صاحبزادے ارمان باجوہ کو سالگرہ کی مبارکباد دی صحت و تندرستی کے ساتھ درازی عمر کی دعا دی اور خوشی اور مسرت کا اظہار کیا سالگرہ میں ڈسٹرکٹ ایسٹ کے سابق نائب صدر اکبر بلوچ، پی ایس ایک سو دو کے جنرل سیکرٹری فہد بلوچ،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38




اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ کی جانب سے سید وقار مہدی کو سینیٹر منتخب ہونے پر مبارکباد

قار مہدی کی کامیابی جمہوری عمل اور پاکستان پیپلز پارٹی پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے: اسپیکر سندھ اسمبلی

کراچی (نمائندہ اندازِ شہر) اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما وقار مہدی کو سینیٹر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد دی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ وقار مہدی کی کامیابی جمہوری عمل اور پاکستان پیپلز پارٹی پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے اسپیکر سندھ اسمبلی نے کہا کہ وقار مہدی پارٹی کے سینئر رہنما اور عوامی سیاست کے نمائندہ کارکن ہیں، جنہوں نے ہمیشہ عاجزی، اصول اور دیانتداری کے ساتھ سیاست کی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہید رہنماں کے نظریات اور جمہوری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39



ابوظہبی: ابوظہبی میں پاکستان کے سفارت خانے نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی (NDU)، اسلام آباد کے نیشنل سیکیورٹی اینڈ وارکورس (NSWC) کے وفد کی یو اے ای کے غیر ملکی مطالعاتی دورے کے دوران میزبانی کی۔ سفیر فیصل نیاز ترمذی نے ایئر وائس مارشل عامر منیر، چیف انسٹرکٹر، این ڈی یو کے اے او ڈی اور وفد کا استقبال کیا جس میں اعلی فوجی اور سول سروس کے افسران کے ساتھ ساتھ دوست ممالک کے افسران بھی شامل تھے

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے سنٹرل پولیس آفس لاہور میں پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کے مسائل سن کر بعد فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ آئی جی پنجاب نے سینئر سکیل سٹینو گرافر زاہد محمود کی پروموشن کی درخواست پر اے آئی جی ایڈمن اینڈ سکیورٹی کو ریلیف کی ہدایت کی جبکہ انسپکٹر حافظ ممتاز علی کی پروموشن کی درخواست پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41



کراچی: نیشنل بینک اسٹیڈیم میں نیشنل ویمنز ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں کی کپتان ٹرافی کی رونمائی کی کر رہی ہیں۔

اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن شیخوپورہ کے دفتر کو خالی کروا کر سیل کرنے پر اظہار افسوس

غریب عوام کو علاج و مفت ادویات فراہم کرنے والی ایسوسی ایشن کو مناسب جگہ فراہم کی جائے' اختر اقبال ڈار

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے شیخوپورہ کی ضلعی انتظامیہ کی طرف سے اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن شیخوپورہ کے دفتر کو خالی کروا کر سیل کرنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن عرصہ 60 سال سے ضلع کے ٹی بی کے مریضوں کو مفت ادویات اور علاج معالجہ دے رہی تھی اور پنجاب بھر میں اول پوزیشن کے حامل ادارے کی بندش اور تذلیل قابل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

عیدالاضحیٰ پر پنجاب کی مویشی منڈیوں کی نیلامی آن لائن ہوگی

لاہور (این این آئی) محکمہ بلدیات پنجاب نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر مویشی منڈیوں کی نیلامیوں کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے ای۔ آکشن سسٹم کا آغاز کر دیا جس کے تحت صوبے بھر میں مویشی منڈیوں کی نیلامیاں مکمل طور پر آن لائن ہوں گی۔ پنجاب کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ کمپنی کے تحت 112 مویشی منڈیاں اس ڈیجیٹل نیلامی کا حصہ بنیں گی۔ ای۔ آکشن سسٹم کے تحت کنٹریکٹرز کی آن لائن رجسٹریشن کا عمل شروع کر دیا گیا ہے جس کے تحت بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند ٹھیکیدار 13 مئی تک اپنی رجسٹریشن آن لائن مکمل کرا سکیں گے۔ آن لائن بولی کا باقاعدہ آغاز 21 مئی کی صبح 9 بجے ہوگا اور یہ عمل 23 مئی شام 6 بجے تک جاری رہے گا۔ کامیاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

دی پولیس آرڈر ترمیمی بل 2025ء قائمہ کمیٹی برائے داخلہ سے منظور، حتمی منظوری گورنر پنجاب دیں گے

لاہور (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے قیام کو باضابطہ قانون کی شکل دینے کے لیے دی پولیس آرڈر ترمیمی بل 2025ء قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے منظور کر لیا۔ قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے ترمیمی بل مزید ترامیم کے ساتھ منظور کیا گیا، کیس سی سی ڈی کو تفویض کرنے کے اختیارات اے آئی جی اور ڈی پی او کو دینے کی تجویز دی گئی، ترمیم کی تجویز ممتاز چانگ، فرخ مون اور شعیب امیر نے دی، ترامیم متفقہ طور پر منظور کی گئیں، کمیٹی کی ترامیم کی تجویز مسترد یا قبول کرنا حکومت کی ثواب دید ہوگا، کمیٹی کی منظوری کے بعد بل ایوان سے بذریعہ رائے شماری منظور کروایا جائے گا، بل حتمی منظوری کے لئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کو بھیجا جائے گا۔ اسمبلی اجلاس نہ ہونے کے باعث بذریعہ گورنر آرڈیننس ڈیپارٹمنٹ بنانے کی اجازت ملی تھی، گورنر پنجاب نے 4 اپریل کو پولیس آرڈر 2002ء میں ترمیم کی اجازت دیدی۔ پولیس آرڈر ترمیم آرڈیننس 2025ء کو باضابطہ قانون کی شکل دی جائے گی، متن کے مطابق کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ گورنر آرڈیننس کے ذریعے اپنا کام کر رہا ہے، کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ فورتھ شیڈول جرائم دیکھے گا، کرائم کنٹرول فورس کے نام سے سپیشل فورس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

پنجاب بھر میں 1237 ٹریفک حادثات میں 09 افراد جاں بحق 1439 زخمی

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1237 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا، ٹریفک حادثات میں 9 افراد جان کی بازی ہار گئے، چینوٹ میں ٹریکٹر ٹرالی اور موٹر سائیکل کے تصادم سے 2 خواتین جاں بحق، بہاولپور میں ٹریکٹر ٹرالی نے بچے کو کچل دیا، سرگودھا میں گدھا ریڑھی اور موٹر سائیکل کے تصادم میں ایک شخص جاں بحق، چکوال میں دو ڈمپرز کے تصادم سے ایک شخص جاں بحق، رحیم یار خان، وہاڑی، چکوال، بہاولنگر، میانوالی میں ٹریفک حادثات کے نتیجے میں ایک، ایک شخص جاں بحق ہوا۔ پنجاب بھر میں ٹریفک حادثات میں 584 افراد شدید زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 855 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (74 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

خیبر پختونخوا میں 40 ارب کرپشن سکینڈل کی خبریں تشویشناک، پی ٹی آئی حکومت اور قیادت جوابدہ ہے' لیاقت بلوچ

اسلام آباد /لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعتِ اسلامی، سیکرٹری جنرل مِلی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے اعلان کیا کہ 11 مئی کو اسلام آباد میں مِلی یکجہتی کونسل کی مجلسِ قائدین (سپریم کونسل) کا اجلاس ہوگا۔ عالمی حالات، عالمِ اسلام کی صورتِ حال، فلسطین، کشمیر اور پہلگام میں ناجائز قابض بھارتی فوج کی نگرانی میں سیاحوں کے خون کی کھیلی گئی ہولی اور فالس فلیگ آپریشن کے تحت بھارتی جنونیوں کے پاکستان کے خلاف جنگی ماحول اور ملک کے اندر بڑھتے ہوئے انتشار کے تناظر میں مجلسِ قائدین کا اجلاس بہت اہم ہے۔ تمام دینی جماعتوں کے قائدین مشترکہ لائحہ عمل کی منظوری دیں گے۔ مجلسِ قائدین اجلاس کی میزبانی علامہ سید ساجد علی نقوی، سربراہ شیعہ علماء کونسل کریں گے۔ اجلاس کے انتظامی امور کے لیے اسلام آباد میں کمیٹی اجلاس ہوگا۔ مِلی یکجہتی کونسل ملک کی نمایاں دینی جماعتوں کا فرقہ وارانہ ہم آہنگی، اتحادِ اُمت، دوقومی نظریہ اور اسلامی قوانین، اقدار کی حفاظت کے لیے غیر انتخابی پلیٹ فارم ہے۔ ماضی میں جس کے سربراہ علامہ شاہ احمد نورانیؒ اور قاضی حسین احمدؒ رہے۔ اِس وقت صاحبزادہ ڈاکٹر ابوالخیر زبیر مرکزی صدر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

طلاق یافتہ خاتون نے باپ پر خرچے کا دعویٰ دائر کر دیا

لاہور (این این آئی) سمن آباد کی رہائشی طلاق یافتہ خاتون کلثوم نے باپ پر خرچے کا دعویٰ دائر کر دیا۔ خاتون کے وکیل نے سول کورٹ میں دعویٰ دائر کرتے ہوئے موقف اپنایا کہ باپ اللہ دتہ صاحب حیثیت ہے مگر خرچہ نہیں دے رہا، ہائیکورٹ ججمنٹ 2012ء کے تحت طلاق یافتہ خاتون باپ پر خرچے کا دعویٰ دائر کر سکتی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44

ڈاکٹر عشرت العباد خان کی صحت میں بہتری، قوم سے اتحاد اور یکجہتی کی اپیل"

تمام کارکنان و ہمدردوں کی دعاوں کے باعث ڈاکٹر صاحب تیزی سے روبہ صحت ہیں



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر عشرت العباد خان کے صاحبزادے شماس العباد خان نے اپنی سیاسی جماعت "میری پہچان پاکستان" کے سوشل میڈیا گروپس میں ڈاکٹر عشرت العباد خان کی صحت کے حوالے سے آگاہ کیا ہے کہ حال ہی میں پیش آنے والے طبی مسئلے کے بعد، اللہ تعالی کے فضل اور تمام کارکنان و ہمدردوں کی دعاوں کے باعث ڈاکٹر صاحب تیزی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58



مولانا زمان شاکر سیکرٹری گڈاپ ٹاؤن اور حافظ اسامہ شاکر کو سیکرٹری اطلاعات منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں: ڈاکٹر ایم عمران صدیقی

(نمائندہ اندازِ شہر) گزشتہ روز GB علما مشائخ کونسل کے کراچی سندھ کے سالانہ الیکشن میں پھولاوئی وادی نیلم سے تعلق رکھنے والے مولانا زمان شاکر صاحب سیکرٹری گڈاپ ٹاؤن اور حافظ اسامہ شاکر صاحب کو سیکرٹری اطلاعات منتخب ہونے پر ہم مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ پاکستان عام آدمی مومنٹ کور کمیٹی کے رکن اور کراچی ڈویژن کے آرگنائزر ڈاکٹر ایم عمران صدیقی صاحب نے انداز شہر کے نمائندے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علما کا ہمارے معاشرے میں ایک کلیدی کردار رہا ہے اور دور فتن میں علما مشائخ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56



اورنگی ٹاؤن کراچی میں ٹیکسٹائل ورکرز کے حقوق پر سالانہ کنونشن کا انعقاد

علاقہ کے مزدور طبقہ کی ایک کثیر تعداد نے بھرپور شرکت کی مزدور حقوق کے حصول پر جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان

(رپورٹ نواز آرائیں) اورنگی ٹاؤن کراچی میں ٹیکسٹائل ورکرز کے حقوق پر سالانہ کنونشن کا انعقاد۔ علاقہ کے مزدور طبقہ کی ایک کثیر تعداد نے بھرپور شرکت کی اور یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مزدوروں بشمول خواتین ورکرز کے آئینی و مزدور حقوق کے حصول پر جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان۔ مزدور حقوق کنونشن کے مقررین میں مہمان خصوصی و مزدور رہنما حبیب الدین جنیدی، محترمہ پشپا کماری، بشرا آرائیں، مہناز رحمان، مرزا مقصود، فرحت پروین، اقبال انصاری، ریحانہ یاسمین، ذبیر احمد، حمیرا بلوچ، زرینہ بی بی، عائشہ بانو و دیگر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53



منشیات فروشی کے الزام میں نوجوان اور اس کے تین سالہ بیٹے کو گرفتار کرنے کے خلاف ورثا کا احتجاج

پولیس کی جانب سے ہوائی فائرنگ، 20 سے زائد مظاہرین گرفتار، مقدمہ درج

عمرکوٹ (رپورٹ / ذوالفقار بھٹی) بودر فارم پولیس کی جانب سے مبینہ منشیات فروشی کے الزام میں نوجوان اور اس کے تین سالہ بیٹے کو گرفتار کرنے کے خلاف ورثا کا تھانے کے سامنے احتجاج، دھرنا، فائرنگ، 20 سے زائد مظاہرین گرفتار، مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق: کنری کے نواحی علاقے ڈگو فارم میں رات دیر گئے بودر فارم پولیس کی جانب سے ڈگو فارم کے رہائشی یامین بھٹی اور اس کے تین سالہ بیٹے عرفان بھٹی کو گرفتار کرنے کے خلاف بھٹی برادری نے بودر فارم پولیس تھانے کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کر کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50



لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کی جانب سے حلقہ این اے 127 میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی نکالی جا رہی ہے۔

پاکستان کا پہلگام واقعے سے کوئی تعلق نہیں، عاصم افتخار

خطے کے ممالک کے ساتھ مسائل کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنا چاہتے ہیں، پاکستانی مندوب

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان بار بار کہہ چکا ہے کہ پہلگام واقعے سے کوئی تعلق نہیں ہے، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنا عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ پاکستان کی درخواست پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے بند کمرہ اجلاس کے بعد پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے بریفنگ دی۔ عاصم افتخار نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کا معاملہ بھی اجلاس میں اٹھایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام واقعے کی آزادانہ، شفاف اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48



کراچی: دریائے سندھ پر نہریں بنائے جانے کے پروگرام کو رول بیک کیئے جانے کی خوشی میں ملیر بار ایسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ جشن میں پیپلز لائرز فورم کے صدر قاضی بشیر و دیگر کا کیک کاٹنے کے موقع پر گروپ فوٹو۔

سرجانی میں "پاک فوج زندہ باد" ریلی، بلوچ برادری کی بھرپور شرکت

بھارتی جارحیت پر دوٹوک مؤقف، "جنگ مسلط کی گئی تو ہر محاذ پر ساتھ دیں گے، 'بلوچ محبِّ وطن ہیں، پاکستان کے دفاع کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سرجانی شاہ بیگ گوٹھ سے فور کے چورنگی تک پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک عظیم الشان "پاک فوج زندہ باد" ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت سردار زامران بگٹی اور حاجی شاعر بگٹی نے کی۔ اس ریلی میں بگٹی برادری کے ساتھ مری برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے وطن عزیز پاکستان کی سلامتی اور دفاع کے لیے اپنے غیر متزلزل عزم کا اظہار کیا اور پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مختلف رہنماؤں نے کہا کہ بھارت اگر جنگ مسلط کرتا ہے تو پاکستانی قوم اور بلوچ برادری پاک فوج کے شانہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45

قیمتوں میں کمی، پاکستان سولر پینلز درآمد کرنے والا دنیا کا تیسرا بڑا ملک بن گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان سولر پینلز درآمد کرنے والا دنیا کا تیسرا بڑا ملک بن گیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق درآمد کنندگان کا کہنا ہے کہ سولر پینلز کے ماہانہ دو سے ڈھائی ہزار کنٹینرز بندرگاہوں پر اتر رہے ہیں۔ سولر پینل درآمد کرنے والے شبیر منشا نے کہا کہ صرف گزشتہ سال پاکستان نے 17 گیگا واٹ کے سولر پینل درآمد کئے، جس کے بعد پاکستان دنیا کا تیسرا بڑا سولر درآمد کنندہ بن گیا ہے۔ مہنگی بجلی کی وجہ سے عوام نے سولر پینلز کی جانب رخ کیا، عوام اب شمسی توانائی سے استری اور اے سی تک چلا رہے ہیں، مارکیٹ میں جرمن، چین اور دیگر عالمی کمپنیوں کے پینلز دستیاب ہیں۔ جو قیمت 110 روپے فی واٹ تھی، وہ اب کم ہو کر صرف 27 روپے تک آ گئی ہے، جس سے نہ صرف سولر کی طلب میں اضافہ ہوا بلکہ فروخت بھی کئی بڑھ گئی ہے۔

سرگودھا، طالبہ زیادتی کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا، ملزم کو 35 سال قید بامشقت، سات لاکھ روپے جرمانہ

سرگودہا (این این آئی) ایڈیشنل سیشن جج عتیق الرحمٰن نے ساتویں جماعت کی 13 سالہ طالبہ کو اغوا کر کے 20 یوم تک زیادتی کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے مرکزی ملزم کو 35 سال قید بامشقت اور سات لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا اور مقدمہ میں ملوث خاتون کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا زرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ نیو سیٹلائٹ ٹاؤن کے شہباز نے خاتون کی مدد سے 28 فروری 2024 کو محلّہ دار سیف اللہ کی ساتویں جماعت کی 13 سالہ طالبہ بھانجی زینب کو اغوا کر لیا اور نامعلوم مقام پر 20 یوم تک زبردستی زیادتی کا نشانہ بناتا رہا موقع پا کر مغویہ طالبہ ہونے میں کامیاب ہوگئی جس پر تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے متاثرہ لڑکی زینب کے ماموں سیف اللہ کی رپورٹ پر اغواو زیادتی کی دفعات 363، 365، 376 ت پ مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا گزشتہ روز فاضل عدالت کے جج عتیق الرحمٰن نے مقدمہ کا فیصلہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54

شہر بھر سے 3 ہزار سے زائد تجاوزات ختم، 29 ٹرک سامان سمیت ضبط

لاہور (این این آئی) انسداد تجاوزات گرینڈ آپریشن جاری ہے، ڈی سی کی ہدایت پر 3000 سے زائد تجاوزات ختم کر دی گئی، 29 ٹرک سامان سمیت ضبط کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ لاہور کو تجاوزات سے پاک شہر بنانے کے لئے دن رات کوشاں ہیں، وزیر اعلیٰ کے ویژن کے مطابق شہری خوبصورتی کیلئے تجاوزات کا خاتمہ جاری ہے، ڈی سی سید موسی رضا کی قیادت میں شہر بھر میں انسداد تجاوزات گرینڈ آپریشن جاری ہے، چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور شاہد عباس کاٹھیا آپریشنز کی نگرانی کر رہے ہیں۔ میٹروپولیٹن آفیسر ریگولیشن ہیڈ کوارٹر کاشف جلیل کی سربراہی میں ٹیموں کی کارروائیاں جاری ہیں، انارکلی، اردو بازار، شاہ عالم مارکیٹ سمیت کئی علاقوں میں آپریشن ہے، مال روڈ، جی ٹی روڈ، کالج روڈ پر بھی تجاوزات کے خلاف کارروائی جاری ہے، مصری شاہ، موچی گیٹ، سبزہ زار، نیاز ٹاؤن اور جوبلی ٹاؤن میں بھی گرینڈ آپریشن کیا گیا، تجاوزات مافیا کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51

سرگودھا، اڑتالی ورکاں میں سگے بھتیجے سمیت 5 افراد کو قتل کر کے فرار ملزم پولیس مقابلہ میں مارا

سرگودھا (این این آئی) اڑتالی ورکاں میں سگے بھتیجے سمیت 5 افراد کو قتل کر کے فرار ملزم پولیس مقابلہ میں مارا گیا زرائع کے مطابق یونین کونسل اڑتالی ورکاں کے سابق چیئرمین عمران ورک عرف چوہدری شیرو نے جائیداد کے تنازعہ اور سابقہ رنجش پر اندھا دھند فائرنگ کر کے 5 افراد 28 سالہ بلا جمیل، 18 سالہ عمر مجید، 36 سالہ عثمان وغیرہ جاں بحق اور دو افراد 20 سالہ سلمان اور بھتیجا شدید زخمی ہو گئے۔ جن کو ہسپتال منتقل کر دیا اس واقعہ کے بعد مبینہ پولیس مقابلہ میں ملزم مارا گیا اور ایس ایچ او تھانہ تتلے والی کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔

سیکرٹری داخلہ نے سول ڈیفنس سیالکوٹ کے 3 افسران کو نااہلی، غفلت اور بدانتظامی پر معطل کر دیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلی پنجاب کے وژن کے مطابق محکمہ داخلہ میں میرٹ کی بالادستی، سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے سول ڈیفنس سیالکوٹ کے 3 افسران کو نااہلی، غفلت اور بدانتظامی پر معطل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سول ڈیفنس آفیسر سیالکوٹ شاہد پرویز، چیف انسپکٹر عبداللہ شاکر اور انسٹرکٹر گریڈ III ابوبکر کو معطل کیا گیا ہے۔ افسران کے خلاف کارروائی محکمہ داخلہ کے ڈائریکٹوریٹ آف مانیٹرنگ کی رپورٹ پر کی گئی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ سیکرٹری داخلہ کی ہدایت پر ڈائریکٹوریٹ آف مانیٹرنگ کی ٹیمیں صوبہ بھر میں فیلڈ انسپکشن کر رہی ہیں۔ سیالکوٹ دورہ کرنے والی ٹیم نے سول ڈیفنس میں بدانتظامی اور غفلت پر سیکرٹری داخلہ پنجاب کو رپورٹ پیش کی تھی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے معطلی کے احکامات جاری کرتے ہوئے پیڈا کے تحت کارروائی کا آغاز کر دیا جبکہ معطل کیے گئے تینوں افسران کو ڈائریکٹوریٹ آف سول ڈیفنس پنجاب رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

پولیس کی مختلف کارروائیاں 11 ملزمان گرفتار، منشیات، مین پوڑی، کچی شراب اور اسلحہ برآمد

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) ایس ایس پی ٹنڈو محمد خان عابد علی گڈانی بلوچ کی زیر قیادت ضلع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46



سکھر تدریسی آسامیوں کے میرٹ پر پاس مگر ویٹنگ لسٹ میں موجود امیدواروں کا احتجاجی مظاہرہ

امیدواروں کا مطالبہ ہے کہ انہیں جلد از جلد آفر آرڈرز جاری کیے جائیں،

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وعدے کے مطابق نوجوانوں کو روزگار دلانے میں اپنا کردار ادا کریں

سکھر (نمائندہ اندازِ شہر سید ضیا الرحمٰن) سکھر سمیت سندھ بھر کی طرح مختلف اضلاع میں آج IBA-PST، JEST، اور دیگر تدریسی آسامیوں کے میرٹ پر پاس مگر ویٹنگ لسٹ میں موجود امیدواروں نے سکھر پریس کلب کے سامنے بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا۔ ان امیدواروں کا مطالبہ ہے کہ انہیں جلد آفر آرڈرز جاری کیے جائیں، جو کہ ان کا آئینی و قانونی حق ہے۔ یہ مظاہرے سندھ کے تمام اضلاع میں بیک وقت منعقد ہوئے جن میں میرٹ ٹیسٹ میں 40 یا اس سے زائد نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57



الجدون کالج لانڈھی کراچی میں بی ایس این سال دوئم کے طلبہ و طالبات نے اناٹومی کی نمائش کا اہتمام کیا گیا

کراچی (ظہیر احمد میمن کی رپورٹ کے مطابق) الجدون کالج آف نرسنگ اینڈ ہیلتھ سائنسز لانڈھی کراچی میں بی ایس این سال دوئم کے طلبہ و طالبات نے اناٹومی کی نمائش کا اہتمام کیا گیا تقریب میں وزیر اعلی سندھ کے سابق ایڈوائیزر، پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ملیر کے انفارمیشن سیکریٹری، شاھجہان خان، پاکستان پرائیویٹ اسکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن کے مرکزی سیکریٹری جنرل عالم شیر اعوان، شعیب جدون، راجہ محمد شاھد، یوسی چیئرمین محمد بشیر، عمران یعقوب نے نمائش میں رکھے گئے میڈیکل سائنس کے ماڈل کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55



عالیہ سومرو نے انٹرنیشنل انڈر 14 باکسنگ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیت کر پاکستان کا نام روشن کر دیا

نمائندہ یا سٹی گورنمنٹ کا کوئی نمائندہ بھی معصوم بچی کے اسقبال کیلئے نہیں پہنچا: انور میمن ایڈووکیٹ

لیاری لائرز فورم کی جانب سے عنقریب ایک استقبالیہ کا پروگرام رکھا جائیگا۔

کراچی (سٹاف رپورٹر): لیاری سے تعلق رکھنے والی معصوم و پیاری بیٹی عالیہ سومرو باکسر نے تھائی لینڈ میں ہونیوالے انٹرنیشنل انڈر 14 باکسنگ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیت کر اپنے خاندان اور لیاری کی شان بڑھا دی اور اپنے ملک پاکستان کا نام روشن کر دیا۔ ان خیالات کا اظہار لیاری لائرز فورم کے رہنماؤں انور میمن ایڈووکیٹ، اقبال بلوچ ایڈووکیٹ، فدا حسین قریشی ایڈووکیٹ، سردار جاوید بلوچ ایڈووکیٹ، عاصم افضالی بلوچ ایڈووکیٹ، انا صر سموں ایڈووکیٹ و دیگر نے اپنے ایک بیان میں کیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52



ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ کی صدارت میں پولیو مہم کی کارکردگی رپورٹ کے سلسلے میں اہم اجلاس

پولیو کا خاتمہ ہم سب کی ذمہ داری ہے، ہمیں اس کے لیے بھرپور اقدامات کرنے ہوں گے، ڈپٹی کمشنر نوید الرحمان لارک

عمرکوٹ (رپورٹ / ذوالفقار بھٹی) ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ نوید الرحمان لارک کی صدارت میں 26 مئی 2025 سے 30 مئی 2025 تک شروع ہونے والی پولیو مہم کے حوالے سے کئے گئے انتظامات اور اپریل 2025 میں ہونے والی گذشتہ (NID) پولیو مہم کی کارکردگی رپورٹ کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے دربار ہال میں منعقد کیا گیا، اس موقع پر اجلاس میں چیئرمین ضلع کونسل عمرکوٹ حاجی محمد بقا پلی، اسسٹنٹ کمشنر سامارو و پتھورو سنجے کمار ترکیو، اسسٹنٹ کمشنر کنری محمد خان، مختار کار عمرکوٹ اظہر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49



لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ق) کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد طارق حسن کا سابق چیئرمین سینیٹ و سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی سید نیئر حسین بخاری کے ساتھ ملاقات کے موقع پر فوٹو۔

حقیقی کامیابی خلوص اور دیانت کے ساتھ انسانیت کی خدمت میں مضمر ہے' ملک مبشر احمد خان

افسران کو ایمانداری، پیشہ ورانہ طرزِ عمل اور عوامی فلاح و بہبود کے عزم کو اپنانے کی تلقین

لاہور (این این آئی) سابق ممبر انکوائریز و سابق انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ملک مبشر احمد خان نے عوامی خدمت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے افسران کو ایمانداری، پیشہ ورانہ طرزِ عمل اور عوامی فلاح و بہبود کے عزم کو اپنانے کی تلقین کی اور کہا کہ حقیقی کامیابی خلوص اور دیانت کے ساتھ انسانیت کی خدمت میں مضمر ہے۔ انہوں نے ایم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47



لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر علاج معالجے کی سہولیات کا جائزہ لینے کے لئے سروسز ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں